Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | 18 شعبان المعظم 1446ھ۔ سوموار 17 فروری 2025، قیمت 20روپے | شمارہ 298

مہاجر پختون فسادات کی سازش، حالات 1985 سے زیادہ خراب ہوسکتے ہیں، فاروق ستار

ڈمپر جلانے کے پیچھے نہ آفاق ہیں نہ ایم کیو ایم، ہم عوام کی کیفیت بیان کررہے ہیں' ڈمپر جلانے کا سلسلہ ختم نہیں ہوگا، اب چاہے تو اس بیان پر مجھے بھی گرفتار کرلیں

شہر میں لسانی فسادات کیلئے ایک بار پھر اسٹیج سجایا جارہا ہے' آفاق احمد کی گرفتاری کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہوگا' قانون نافذ کرنے والوں کو ابھی سے بلایا جائے

رینجرز کو تنخواہ سندھ خزانے سے جارہی ہے' رینجرز کو ٹریفک پولیس کیساتھ سڑکوں پر کھڑا کیا جائے، رینجرز کو ان واقعات کی پیشگی روک تھام کے لیے استعمال کیا جائے

بدترین طرز حکمرانی ملک دشمنی ہے، پنڈی والے کہتے ہیں کہ سسٹم کو اکھاڑ دیں گے مگر سسٹم موجود ہے، چغلی کرنے والوں کو دھمکایا جاتا ہے' رہنما ایم کیو ایم فاروق ستار

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ آفاق احمد کو عجلت میں گرفتار کیا گیا جس کی بھرپور مذمت اور رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ ڈمپر جلانے کے پیچھے نہ آفاق ہیں نہ ایم کیو ایم، ہم عوام کی کیفیت بیان کررہے ہیں۔ شہر میں ڈمپر جلانے کا سلسلہ ختم نہیں ہوگا، اب چاہے تو اس بیان پر مجھے بھی گرفتار کرلیں، شہر میں لسانی فسادات کیلئے ایک بار پھر اسٹیج سجایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آفاق احمد کی گرفتاری کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ قانون نافذ کرنے والوں کو ابھی سے بلایا جائے، رینجرز کو تنخواہ سندھ کے خزانے سے جارہی ہے، رینجرز کو ٹریفک پولیس کے ساتھ سڑکوں (بقیہ نمبر1)

جیلانی پارک میں پھولوں کی نمائش دیکھنے کیلئے آنیوالے شہری لمبی قطاروں میں کھڑے ہیں

ملاکنڈ یونیورسٹی: طالبہ کو پروفیسر کی ہراسانی کا الزام، پروفیسر گرفتار

پروفیسر طالبہ کے گھر اپنی بیوی کے ہمراہ رشتہ مانگنے پہنچ گیا جہاں دونوں کے درمیان جھگڑا ہوگیا

محکمہ بہبود آبادی کے کلرک پر 2 ساتھی خاتون ملازمین کو جنسی ہراسانی کا نشانہ بنانے کا الزام تھا

سوات (این این آئی) ملاکنڈ یونیورسٹی کی طالبہ نے پروفیسر پر مبینہ طور پر ہراسانی کا الزام لگا دیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق ملاکنڈ لیویز نے پروفیسر کے خلاف مقدمہ درج کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کے موبائل فون سے ڈیٹا لیویز نے قبضہ میں لے لیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق ملاکنڈ یونیورسٹی کی انتظامیہ نے پروفیسر کو معطل کرکے انکوائری ٹیم تشکیل دیدی، طالبہ نے الزام لگایا تھا کہ پروفیسر مسلسل ان (بقیہ نمبر51)

خشک سالی خطرناک حد تک بڑھ گئی، راولپنڈی میں ایمرجنسی نافذ

واسا نے راولپنڈی میں خشک سالی ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے سروس اسٹیشنز' گھروں میں گاڑیاں دھونے پر پابندی عائد کردی

شہری گھروں کے فرش گاڑیاں دھونے اور باغیچوں کو پانی دینے سے اجتناب کریں' خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں بارشیں نہ ہونے سے خشک سالی خطرناک حد تک بڑھ گئی، زیرزمین پانی کی سطح گرنے پر واسا نے راولپنڈی میں خشک سالی ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے سروس اسٹیشنز اور گھروں میں گاڑیاں دھونے پر ایک ماہ کی پابندی عائد کردی۔ طویل ترین خشک سالی کے باعث راولپنڈی میں زیرزمین پانی کی سطح گرنے اور پانی کے ذخائر میں کمی پر واسا راولپنڈی نے خشک (بقیہ نمبر57)

چیف سیکرٹری اعلیٰ کارکردگی والے طلباء میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

یوٹیلیٹی سٹورز کے ڈیلی ویجز ملازم نے برطرفی پر خودکشی کرلی

15 سے 20 سال سروس کے بعد ملازمین کی برطرفی آئین کی خلاف ورزی ہے

ایبٹ آباد (این این آئی) ملازمت سے برطرفی پر یوٹیلیٹی سٹورز کے ڈیلی ویجز ملازم نے خودکشی کرلی۔ آل پاکستان ورکرز الائنس یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کے سیکرٹری جنرل عارف شاہ نے کہا ہے کہ 15 سے 20 سال سروس کے بعد ملازمین کی برطرفی آئین کی خلاف ورزی ہے، معاشی دہشتگردی کے خلاف ہم عدالتوں سے بھی رجوع کریں، عارف شاہ کا کہنا (بقیہ نمبر 3)

فاروق ستار کی پریس کانفرنس زہریلی سوچ کا مربہ ہے، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کی ترجمان ورکن صوبائی اسمبلی سعدیہ جاوید نے ایم کیو ایم رہنما فاروق ستار کی پریس کانفرنس کو زہریلی سوچ کا مربہ قرار دیدیا۔ ایم (بقیہ نمبر2)

کامریڈ کی طرح لڑتے ہیں، ہار ماننے والے نہیں

سب سے اہم پاکستان ہے

جب تک قوم ساتھ ہے پاک فوج کبھی نہیں ہارے گی' پاکستانیت سب سے اہم ہے، ہمیں اپنے مذہب، تہذیب اور روایات پر فخر ہے، یہ فتنہ الخوارج کس شریعت اور دین کی بات کرتے ہیں؟ آرمی چیف

یہ عناصر اسلام کی غلط تشریح کررہے ہیں، خارجیوں کو یہ کس نے اختیار دیا کہ وہ خواتین سے حقوق چھین لیں، اسلام نے خواتین کو خصوصی حقوق دیے ہیں، اسلام نے ہر حیثیت میں عورت کو حقوق دیے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ جب تک قوم اور بالخصوص نوجوان ساتھ کھڑے ہیں پاک فوج کبھی نہیں ہارے گی، ہمارے لیے پاکستانیت سب سے اہم ہے، ہمیں اپنے مذہب، تہذیب اور روایات پر فخر ہے، یہ فتنہ الخوارج کس شریعت اور دین کی بات کرتے ہیں؟ یہ عناصر اسلام کی غلط تشریح کررہے ہیں، خارجیوں کو یہ کس نے اختیار دیا کہ وہ خواتین سے حقوق چھین لیں، اسلام نے خواتین کو خصوصی حقوق دیے ہیں، اسلام نے ہر حیثیت میں عورت کو حقوق دیے ہیں، اسلام کے دیے ہوئے حقوق کوئی نہیں چھین سکتا، ہم کبھی بھی فتنہ الخوارج کو اپنی فرسودہ سوچ ملک پر مسلط نہیں کرنے دیں گے۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے یہ گفتگو ملک بھر کی جامعات سے آئے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس کا 3 منٹ 10 سیکنڈ کا کلپ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری کیا گیا۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے طلبہ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں سے گفتگو ہمیشہ میرے لیے انتہائی خوشی کی حالت ہوتی ہے اور نوجوانوں سے بات کرکے اس حقیقت کی تجدید ہوتی ہے کہ ہمارا مستقبل محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ پاکستانی عوام بالخصوص (بقیہ نمبر4)

آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور ڈی آئی جی جاوید عالم شہید ہونیوالے اہلکار عمران کی میت پر پھول رکھ رہے ہیں

عمر ایوب کا فورسز کے کامیاب آپریشن پر خراج تحسین

پوری قوم کو اپنے شہداء کی قربانیوں پر فخر ہے' اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب خان نے سیکورٹی فورسز کی جانب سے خیبرپختونخواہ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان نے جام شہادت نوش کرنے والے لیفٹیننٹ محمد حسان اشرف، نائب صوبیدار محمد بلال، سپاہی فرحت اللہ اور ہمت خان کو خراج (بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد: اساس انٹرنیشنل اسکول میں پاور پلے ڈے 2025 میں اساتذہ طالبات اور آفیشلز کا گروپ فوٹو

محسن نقوی کی لیویز پوسٹ پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت

لیویز اہلکار نے فرض کی ادائیگی کے دوران شہادت کا اعلیٰ مرتبہ پایا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے قلات میں لیویز پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیویز اہلکار علی نواز نے فرض کی ادائیگی کے دوران جان قربان کرکے شہادت کا اعلیٰ مرتبہ پایا۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے فائرنگ سے شہید لیویز اہلکار علی نواز کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے (بقیہ نمبر 47)

150 ملازمین فارغ' یوٹیلٹی اسٹورز برطرفی کا عمل شروع

لاہور (این این آئی) یوٹیلٹی اسٹورز کے ڈیلی ویجز ملازمین کو نوکریوں سے برطرف کرنیکا عمل شروع کردیا گیا اور لاہور سے 150 ڈیلی ویجز ملازمین کو نوکری سے (بقیہ نمبر 48)

موجودہ حکومت میں کسان طبقہ پس کررہ گیا' ہمایوں اختر خان

فیصل آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان کا کہنا ہے کہ موجودہ حکومت میں کسان طبقہ پس کررہ گیا۔ فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک کسان خوشحال نہیں ہوگا معیشت کی ترقی ممکن نہیں۔ ہمایوں اختر کا کہنا ہے کہ بجلی کے بھاری بلوں سے کسانوں کی زندگی اجیرن ہے، حکومت ریلیف دے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے مسائل سے آگاہ ہوں، حل کے لیے بھرپور (بقیہ نمبر44)

نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے مسلم لیگ کے رہنما کو قتل کردیا

صوابی (این این آئی) خیبرپختونخوا کے ضلع صوابی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مسلم لیگ کے مقامی رہنما جاں بحق ہوگئے۔ صوابی پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کا واقعہ شیوہ گاؤں میں پیش آیا جہاں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مولانا کاشف علی جاں بحق ہوگئے۔ (بقیہ نمبر45)

کسانوں پر لگنے والے ٹیکس باعث تشویش ہیں، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی رہنما تحریک انصاف اسد قیصر نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی ایما پر کسانوں پر لگنیوالے ٹیکس باعث تشویش ہیں۔ اسد قیصر سے خیبرپختونخوا کے کاشتکاروں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے بھر کے کاشتکاروں پر مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی جانب لگائے جانے والے انکم ٹیکس پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی ایما پر (بقیہ نمبر50)

کراچی کا نوبیاہتا جوڑا آزاد کشمیر کے ہوٹل میں دم گھٹنے سے جاں بحق

آٹھمقام (این این آئی) آزاد کشمیر کے سیاحتی مرکز آٹھ مقام کے گیسٹ ہاؤس میں دم گھٹنے سے کراچی کا نوبیاہتا جوڑا جاں بحق ہوگیا۔ اہلخانہ کے مطابق طہٰ اور دعا زہرہ کی شادی 4 فروری کو ہوئی تھی، دونوں 11 فروری کو کراچی سے آزاد کشمیر روانہ ہوئے، 14 (بقیہ نمبر49)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی متوقع آمد کے باعث فیض احمد پارک مرمت کیلئے بند کردیا گیا

مولانا فضل الرحمان کو سیکیورٹی خدشات، تھریٹ لیٹر جاری

خیبرپختونخوا میں دہشت گرد انہیں مذہبی اور سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے نشانہ بنا سکتے ہیں

یہ تھریٹ لیٹر ایسے وقت میں جاری کیا گیا ہے جب ملک میں امن و امان کی صورتحال حساس ہے' پولیس

ڈی آئی خان (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی جان کو خطرہ لاحق ہونے کے پیش نظر پولیس نے تھریٹ لیٹر جاری کردیا ہے۔ پولیس کی جانب سے جاری کردہ مراسلے میں مولانا فضل الرحمان کو سیکیورٹی خدشات سے آگاہ (بقیہ نمبر7)

وزیراعظم کی لیویز پوسٹ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قلات میں لیویز پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے (بقیہ نمبر 6)

تحصیل پریس کلب' یونین آف جرنلسٹس اٹھارہ ہزاری کی نئی کابینہ کی تشکیل

عمران سیال صدر اور سبطین عباس جنرل سیکرٹری پریس کلب جبکہ آصف شہزاد صدر' خضر عباس جنرل سیکرٹری یونین آف جرنلسٹس منتخب

اٹھارہ ہزاری (نامہ نگار) تحصیل پریس کلب اور یونین آف جرنلسٹس اٹھارہ ہزاری کی سال 2025-26 کے لیے متفقہ طور پر کابینہ تشکیل دے دی گئی، محمد عمران سیال صدر اور سبطین عباس جنرل سیکرٹری تحصیل پریس کلب جبکہ آصف شہزاد خان صدر اور خضر عباس خان جنرل سیکرٹری تحصیل یونین آف جرنلسٹس منتخب، گروپ لیڈر ابوتراب ترابی نے نومنتخب کابینہ کا اعلان کیا تفصیلات کے مطابق تحصیل (بقیہ نمبر 8)

لاہور' 978 ایکڑ پر قدرتی جنگل اگانے کی مہم کا آغاز

منصوبہ اسموگ کے خاتمے کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے لاہور کی فضائی آلودگی اور اسموگ کا مستقل حل تلاش کرنے کیلئے شہر میں 978 ایکڑ پر قدرتی جنگل اگانے کی مہم کا آغاز کردیا۔ اس مہم کا مقصد لاہور کو آکسیجن حب بنانا اور شہریوں کو تازہ آکسیجن اور صاف فضا فراہم کرنا (بقیہ نمبر5)

علماء قوم کی رہنمائی کیلئے خانقاہوں، حجروں سے باہر نکلیں، جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل (بقیہ نمبر52)

شیر افضل انتشار پھیلا رہے ہیں، فردوس شمیم نقوی

فواد چوہدری نے اڈیالہ جیل کے باہر غیر اخلاقی حرکت کی، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فردوس شمیم نقوی نے الزام عائد کیا ہے کہ شیر افضل مروت پارٹی میں انتشار پھیلا رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ شیر افضل مروت کو بات سمجھ نہیں آرہی، وہ جس کی چاہتے ہیں ٹوپی (بقیہ نمبر 53)

پی ڈی ایم 2 پی ڈی ایم ون سے زیادہ خطرناک

رجیم چینج کے بعد سے 13 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے' چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک کیلئے پی ڈی ایم ٹو کا تجربہ پی ڈی ایم ون کے تجربے سے بھی زیادہ مہلک ثابت ہورہا ہے، رجیم چینج کے بعد سے 13 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے، ہر شعبہ زوال پذیر ہے۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ ہم پر مختلف شہروں میں درجنوں (بقیہ نمبر56)

پروازوں کی بحالی سے متعلق لبنان سے بات کیلئے تیار ہیں، ایران

تہران (این این آئی) اپنے دو طیاروں کے بحران کے بعد ایران نے اعلان کیا ہے کہ وہ تہران اور بیروت کے درمیان پروازیں دوبارہ شروع کرنے کے مقصد سے (بقیہ نمبر 58)

سندھ حکومت کا 5 لاکھ گھروں کو سولر سسٹم دینے کا فیصلہ

2 لاکھ سولر سسٹم دینے کا فیصلہ کیا تھا' BISP کے تحت تقسیم کیے جائیں گے، مراد علی

سکھر (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اس سال مزید 5 لاکھ سولر سسٹم تقسیم کریں گے۔ سکھر میں گفتگو کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ اس سال 2 لاکھ سولر سسٹم دینے کا فیصلہ کیا تھا جو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت تقسیم کیے جائیں گے جن (بقیہ نمبر59)

ملتان' مسافر بس، ٹرک اور کار میں ٹکر، 6 افراد جاں بحق

مسافر بس، ٹرک اور کار اپنی منزل کی جانب گامزن تھیں کہ آپس میں ٹکرا گئیں' ریسکیو

ملتان (این این آئی) ملتان میں مسافر بس، ٹرک اور کار کے آپس میں ٹکرانے سے 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ملتان میں مسافر بس، ٹرک اور کار کے آپس میں ٹکرانے کا واقعہ کڈنی سینٹر کے قریب پیش آیا۔ مسافر بس، ٹرک اور کار اپنی منزل کی جانب گامزن تھیں (بقیہ نمبر 54)

سابقہ بیوی کو تیز دھار کٹر سے شدید زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) سانده کے علاقے میں سابقہ بیوی کو تیز دھار کٹر سے وار کرکے شدید زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا (بقیہ نمبر55)

ایس ایچ او تھانہ چوآ سیدن شاہ نے سفارشی ٹاؤٹ مافیا کے آگے گھٹنے ٹیک دیے

ڈی پی او چکوال کے بزرگ شہری کو قبضہ واپس دلوانے کے احکامات ہوا میں اڑا دیے گئے

پولیس کی غیر سنجیدگی، ٹاؤٹ مافیا کے گٹھ جوڑ سے خون خرابے کے شدید خطرے کے بادل منڈلانے لگے



چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) ضلع چکوال تحصیل چوآ سیدن شاہ کے بزرگ مظلوم شہری نے اپنے نافرمان بیٹے کے خلاف ڈی پی او آفس چکوال شکایت درج کرواتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ میں اپنے گھر کی زمین تمام بچوں میں برابر تقسیم کرنا چاہتا ہوں لیکن میرے ایک بدنصیب بیٹے نے بغیر تقسیم والی جگہ پہ قبضہ کرکے ناجائز تعمیرات کررکھی ہیں اس کے پاس ملکیتی کوء بھی کاغزات نہیں ہیں۔ چوآ سیدن شاہ پولیس کی غیر سنجدگی اور ٹاؤٹ ٹولے کا گٹھ جوڑ خون خرابے کی طرف واضح اشارہ دے رہا ہے۔ ڈی پی او چکوال احمد محی الدین نے درخواست کا جائزہ لیتے ہوئے تھانہ چوآ سیدن پولیس کو بیٹے سے قبضہ ختم کروا کر والد کے حوالے کرنے کے احکامات جاری کردیے تھانہ چوآ سیدن شاہ پولیس موقع پر پہنچ کر ایک بیٹے کی موجودگی میں تحریری بیان پر باپ بیٹے سے دستخط کروا مظلوم باپ سے ڈی پی او چکوال لفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کا شکریہ ادا کروانے کے لیے ویڈیو بیان بھی ریکارڈ کرلیا۔ لیکن اس کے بعد سفارشی ٹاؤٹ مافیا کود پڑا کچھ دن کے بعد ایس ایچ او تھانہ چوآ سیدن شاہ موقع پر کر مظلوم ضعیف والد پر الٹے سیدھے سوالات کرکے کیس الجھا کر فریق دوم قبضہ پارٹی کی زبان بولنا شروع ہوگیا ایس ایچ او کو اتنی زحمت نہیں ہوء کہ وہ نامراد بیٹے کی سرزنش کرکے کہہ دے کہ باپ حیات جیسا والد کہتا ہے اس پہ عمل کرو لیکن ایس ایچ او کی گفتگو سے بالکل واضح ہوگیا کہ ٹاؤٹ مافیا کا کھلا ساتھ دے رہا ہے اس سے قبل بھی سابقہ ایس ایچ او کے دور میں درخواست دے کر حالات و واقعات سے آگاہ کردیا گیا اور اس بدنصیب کو عاق کرنے کے لیے قومی اخبار میں بھی اشتہار دیا گیا اور اشتہار میں واضح کیا گیا کہ اس کے قول و فعل کا میں یا میرے باقی بیٹے کوء بھی زمہ دار نہ ہوگا اور اس کا میرے گھر یا کسی قسم کی جائداد میں کوء حق نہیں۔ مظلوم باپ کی صرف اتنی سی درخواست کہ قانون کے مطابق میں سب بچوں میں زمین برابر تقسیم کرنا چاہتا ہوں لیکن مقامی پولیس کو ٹاؤٹ مافیا کی پشت پناہی حاصل ہونے کی وجہ سے کسی بڑی تباہی کیطرف بلاوہ ہے اس تنازعے کی وجہ سے کسی بھی وقت خون خرابہ ہوسکتا ہے۔ ڈی پی او چکوال کی جو بروقت انصاف مہیا کرنے کے حوالے سے پنجاب پولیس میں اپنی ایک خاص پہچان اور مقام رکھتے ہیں مظلوم باپ کو انصاف مہیا کریں ایسا نہ کہ دیر ہو جائے اور کسی قیمتی جان کا ضیاع نہ ہو جائے۔

انٹرن شپ شرکاء کا لاہور گیریژن شوٹنگ گیلری کا دورہ

طلبا نے مختلف ہتھیار چلانا سیکھے، فائرنگ سے محظوظ ہوئے، ترجمان ISPR

لاہور (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) انٹرن شپ کے شرکا نے لاہور گیریژن شوٹنگ گیلری کا دورہ کیا اور مختلف رینجز پر مختلف ہتھیار چلانا سیکھے اور فائرنگ سے محظوظ ہوئے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 60)

اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 5 خواتین اور 3 نوجوانوں کو اغوا کرلیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 5 خواتین اور 3 نوجوانوں کو اغوا کرلیا، پولیس نے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی (بقیہ نمبر 61)

سیاسی جماعتوں سے رابطے، ق لیگ نے کوآرڈینیٹر کمیٹی قائم کر دی

چوہدری شجاعت حسین نے سیاسی جماعتوں میں رابطوں کے لیے پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی قائم کر دی

کمیٹی حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کو بھی نیشنل ایشوز پر اکٹھا چلنے اور ان مسائل کو حل کرنے پر آمادہ کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) چوہدری شجاعت حسین نے سیاسی جماعتوں میں رابطوں کے لیے پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی قائم کردی، میر نصیر خان مینگل کمیٹی کے چیئرمین، غلام مصطفیٰ ملک وائس چیئرمین مقرر کردیے گئے، کمیٹی کے اراکین میں طارق حسن، انتخاب چمکنی، ڈاکٹر رحیم اعوان شامل ہیں، میر نصیر مینگل سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزیر، سینیٹر اور سفیر رہے، مصطفیٰ ملک پارٹی کے مرکزی (بقیہ نمبر65)

کسی کو بھی ریاست کو چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دینگے، بلاول

چیلنجز ہیں اور ہم چیلنجز سے نمٹ رہے ہیں، ماضی میں بھی ہم دہشت گردی کا مقابلہ کرتے ہوئے کامیاب ہوئے ہیں

ہر پاکستانی کی طرح میں بھی اپنے ملک کی بہتری چاہتا ہوں، ہم آئی ٹی اور ڈیجیٹل دور کیلئے تیار نہیں ہیں' بلاول بھٹو

میونخ (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کسی کو بھی ریاست کو چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ میونخ سکیورٹی کانفرنس میں شرکت کے موقع پر میڈیا کے نمائندے سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ چیلنجز ہیں اور ہم چیلنجز سے نمٹ رہے ہیں، ماضی میں بھی ہم دہشت گردی کا مقابلہ کرتے (بقیہ نمبر 62)

عوامی ورکرز پارٹی کے مرکزی صدر اختر حسین ایڈووکیٹ نومنتخب عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

تکتو' پتاؤ' سران تنگی بازئی قبائل کے ملک صاحب کاکڑ' سردار اشرف' حمید اللہ کاکڑ' باز محمد کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارت امریکہ اعلامیے کی تضاد بیانی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے درمیان ملاقات کے بعد جاری مشترکہ اعلامیہ میں پاکستان سے اپنی زمین سرحد پار دہشت گردی کیلئے استعمال ہونے سے روکنے کا واقعاتی صورت حال کے قطعی منافی مطالبہ ہر حقیقت پسند شخص کیلئے بالکل ناقابل فہم ہے۔ اس سے واضح ہے کہ امریکہ کی موجودہ قیادت نے معاشی مفادات کی خاطر عالمی دہشت گردی میں بھارت کے مکروہ کردار اور مقبوضہ کشمیر میں اس کی آئین شکنی اور مظالم سمیت انصاف کے تقاضوں کو مکمل طور پر نظرانداز کردیا ہے۔ مشترکہ پریس کانفرنس میں امریکہ کی طرف سے بھارت کو اربوں ڈالر کے جدید ہتھیاروں اور جوہری ری ایکٹروں کی فروخت کے منصوبے کا اعلان خطے کے امن و استحکام کیلئے یقینی طور پر سنگین خطرہ ثابت ہوگا۔ پاکستانی دفتر خارجہ نے مشترکہ اعلامیے میں پاکستان سے متعلق حوالے کو بجا طور پر یکطرفہ، گمراہ کن اور سفارتی اصولوں کے منافی قرار دیتے ہوئے اس حقیقت کی نشان دہی کی ہے کہ اس طرح خطے میں اور اس سے باہر دہشت گردی، تخریب کاری اور ماورائے عدالت قتل کی وارداتوں کی بھارتی سرپرستی پر پردہ نہیں ڈالا جاسکتا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے پریس بریفنگ میں مزید کہا کہ امریکہ کے ساتھ انسداد دہشت گردی میں مکمل تعاون کے باوجود پاکستان کا حوالہ اس تلخ حقیقت کو چھپا نہیں سکتا کہ بھارت مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کے خلاف نفرت انگیز جرائم کے مرتکب عناصر کیلئے محفوظ پناہ گاہ ہے۔ انہوں نے اس امر کو بھی واضح کیا کہ مشترکہ اعلامیے میں اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہ ہونے پر توجہ نہیں دی گئی جو خطے میں کشیدگی اور عدم استحکام کا ایک بنیادی سبب ہے اور نہ بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین صورتحال کا نوٹس لیا گیا ہے جبکہ امریکہ کا یہ افسوسناک طرزعمل بین الاقوامی ذمہ داری سے دستبرداری کے مترادف ہے۔ پاکستانی دفتر خارجہ کا یہ موقف حقائق سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ بھارت پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ملکوں میں دہشت گردی کو جس طرح فروغ دے رہا ہے، خود امریکی ذرائع ابلاغ اس کی تفصیلات منظر عام پر لاتے رہے ہیں۔ سال رواں کے آغاز پر امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے اس ضمن میں ایک مفصل رپورٹ شائع کی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ بھارتی حکومت نے اجرتی قاتلوں اور افغانی ہتھیاروں کے ذریعے سے پاکستان میں ٹارگٹ کلنگ کروائی۔ اخبار کے مطابق بھارت نے امریکا، کینیڈا اور مغربی ممالک میں بھی ماورائے عدالت قتل کروائے، کینیڈا اور امریکہ میں بھارتی را نے سکھ رہنماؤں کو قتل کیا۔ نئی دہلی میں را کے افسر وکاش یادیو نے نیویارک میں سکھ علیحدگی پسند رہنما پر قاتلانہ حملے کی ہدایت جاری کیں، را کے افسر نے اس قتل میں اپنے ایجنٹ کو ایک مقامی قاتل کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی۔ رپورٹ کے مطابق کینیڈین حکام نے بھی بھارتی سفارت کاروں اور را کی دہشت گردی کو بے نقاب کیا۔ اس چشم کشا رپورٹ سے عالمی دہشت گردی میں بھارت کا گھناونا کردار پوری طرح عیاں ہے۔ پاکستان میں جاری دہشت گردی میں بھارت جس طرح شریک ہے، اس کی تفصیلات پاکستان میں زیرحراست بھارتی را کے ایجنٹ کلبھوشن یادیو کے ذریعے بھی سامنے آچکی ہیں۔ پاکستان میں آج بھی جاری دہشت گردی میں بھارت کی پشت پناہی کے واضح شواہد موجود ہیں جبکہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف گزشتہ کئی عشروں سے مسلسل جنگ لڑ رہا ہے۔ اس کے باوجود ٹرمپ مودی مشترکہ اعلامیے میں دہشت گردی کا الزام پاکستان پر عائد کرنا موجودہ امریکی قیادت کی جانب سے حقائق سے جان بوجھ کر نظریں چرانے کے مترادف ہے۔ امریکہ کی موجودہ قیادت نے یہ غیر منصفانہ اور جانبدارانہ طرزعمل تبدیل نہ کیا تو عالمی قائد کی حیثیت سے اس کے مقام کو سخت نقصان پہنچے گا۔

وزیراعظم، آئی ایف سی سربراہ ملاقات

نجی شعبے کی سرمایہ کاری سے متعلق عالمی بینک کے ادارہ انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے مینجنگ ڈائریکٹر اور ایگزیکٹو نائب صدر مختار ڈیوپ نے جمعہ کے روز وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگ زیب سے ملاقات کی ہے، جس کے ایجنڈے کو 2026 تا 2035 کنٹری پارٹنر شپ فریم ورک کے اجرا کی اہم کڑی قرار دینا مناسب ہوگا۔ عالمی بینک کے اس اقدام کے تحت "انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن اور بین الاقوامی بینک برائے تعمیرنو اور ترقی" کے توسط سے گزشتہ ماہ پاکستان کیلئے آسان اقساط پر 40 ارب ڈالر کا پروگرام پیش کیا گیا تھا، جس میں سے 20 ارب ڈالر کا اجرا آئی ایف سی کرے گا۔ متذکرہ ملاقات کے موقع پر معزز مہمان نے اس بات کا اظہار کیا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی متحرک قیادت کی بدولت پاکستان میں نجی شعبے کے منصوبوں کیلئے سازگار ماحول قائم ہوا ہے، جو سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی میں اہم پیشرفت ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف ملک کے معاشی ترقی پروگرام میں نوجوانوں کی واضح شمولیت چاہتے ہیں، متذکرہ ملاقات میں بھی انھوں نے پاکستانی نوجوانوں کی ترقی کو فروغ دینے کیلئے مختلف پروگرام ڈیزائن کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیرخزانہ محمد اورنگ زیب نے اس موقع پر ملک کی معاشی ترقی، خصوصاً برآمدات کے فروغ کے حکومتی عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت معاشی اصلاحات کے جس ایجنڈے پر روز وشب کوشاں ہے، اس سے ملک کا معاشی ڈھانچہ اس قابل ہوا ہے کہ بیرونی سرمایہ کار پھر سے پاکستان آنے میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں۔ قومی ترقی وخوشحالی کے منصوبوں میں عالمی سرمایہ کاروں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، جسے پورا کیا جانا ضروری ہے۔ عالمی بینک کا فنڈنگ پروگرام اس سلسلے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔

حال دل ......!

سنا ہے کہ عاشق نے محبوب پر
بالآخر عیاں کردیا حالِ دل
ملاقات ممکن نہیں ہوسکی
تو لکھ کر بیاں کردیا حالِ دل

انور شعور

ہنس اور مور تو کہاں ہیں آج

مملکت اے مملکت
☆☆☆
محمود شام
Mahmood.shaam@janggroup.com.pk

اور جو شخص اپنے چہرے کو اللہ کی طرف متوجہ کر دے اور ہو بھی وہ نیکوکار یقیناً اس نے مضبوط کڑا تھام لیا، تمام کاموں کا انجام اللہ کی ہی طرف ہے (القرآن سورلقمان آیت 22)

شعبان کا مہینہ ہے۔ چند روز بعد مبارک ساعتیں شروع ہونے والی ہیں۔ ان مقدس گھڑیوں میں مجھے اچانک خیال آ رہا ہے کہ ہم کس خطے میں رہتے ہیں۔ یہ کئی صدیوں سے صداقت، امانت، قیادت اور سیادت سے مالا مال رہا ہے۔ اس میں کئی صدیوں سے ایسے عظیم بندے بار بار اترتے رہے ہیں جنہوں نے اپنے چہرے اللہ کی طرف متوجہ کر لیے۔ اور پھر اس رسی کو مضبوطی سے تھام لیا جو مانگا اس رحیم و کریم سے مانگا اور وہ کچھ پایا جو مانگا بھی نہیں تھا۔

یہی ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم لمحہ موجود کے دام ہم رنگ زمین میں گرفتار رہتے ہیں اسی لئے اقدار و افکار سے معمور ادراک اور تدبر سے مزین ماضی سے بیگانہ رہتے ہیں، امکانات کی وسعتوں سے لاتعلق۔ یہ عظیم وادی سندھ ہر لحاظ سے بہت متنوع بہت رنگا رنگ فرحت بخش، راحت نواز ہے۔ واہگہ سے گوادر تک فضاؤں میں سفر طے کیجئے شاہراؤں سے یا دریا سمندر سے، ایک کہکشاں ہے۔ جنت ارضی ہے۔ یہاں وہ ہستیاں متحرک فعال اور ہر دم عبد اور معبود کے درمیان راستے اور منزل کے دوران رشتہ مضبوط کرتی رہی ہیں۔ آج ہم جن انہونیوں کا سامنا کر رہے ہیں ہمارے نصیب میں اس لئے لکھی گئی ہیں کہ ہمارے دلوں میں جو ہوک اور کوک گونجتی ہے ہم نے اس پر دھیان دینے کے بجائے جو ہمیں نصاب میں پڑھایا گیا حکمرانوں نے ہم پر جو سلیبس مسلط کیا۔ ہم نے اسی کی پیروی کی۔

منطق بھی سر گھٹنوں میں دیئے ہوئے ہے
تاریخ بھی سخت اضطراب میں ہے

ہوائیں پریشان ہیں کہ اس وادی سندھ کے لوگوں کو نسل در نسل اولیا کرام اور صوفیا عظام کی دل میں اترتی شاعری میسر آتی رہی جس کی ہر نوجوان نسل کی یادوں میں بابا فرید کا کلام گونجتا ہے۔ جس کے ہر دل میں سلطان باہو کی ہو تلاطم پیدا کرتی ہے۔ جس کے خوددار بزرگوں کے ذہن میں بلھے شاہ کی کافیاں رنگ جماتی ہیں۔ جس کی ماؤں بہنوں بیٹیوں کے کانوں میں میاں محمد بخش کی سیف الملوک موجزن ہے۔ جہاں خواجہ فرید کی کوک سے دشت بولنے لگتے ہیں۔ جہاں رحمان بابا کا عشق اعصاب کو حرکت میں لاتا ہے جہاں امیر حمزہ شنواری کا کلام دلوں میں روانی لے آتا ہے۔ جہاں شاہ لطیف کے سر آتی جاتی نسلوں کو روشنی سے منور کرتے ہیں جہاں شاہ عنایت ناداری کو ہمت اور حوصلہ عنایت کرتے ہیں۔ جہاں سچل سرمست فقر میں فخر عطا کرتے ہیں۔ جہاں مست توکلی مفلسوں اور مخلصوں کا ولولہ تازہ کر دیتے ہیں، وہاں مایوسی کیوں، غیر کی اطاعت کیوں۔ ہم پنجاب کے میدانوں میں ہوں، سندھ کے ریگزاروں میں، خیبر پختون خوا کے سرسبز پہاڑوں میں، بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں میں، حسین وادیوں میں آزاد کشمیر کی ہری بھری بستیوں میں، گلگت بلتستان کے برف زاروں میں، ہمارے ذہنوں میں ان صوفیائے کرام کے کلام سے خودداری کے شعلے روشن رہتے ہیں، یہ کافیاں سر روایتیں، قصے، کہانیاں ہمیں درباروں سے بیگانہ فوجوں سے بے خوف کرتی ہیں، صوفیا ہم ناداروں، غریبوں، پامالوں، بے نواؤں کو غیر ملکی حملہ آوروں کے سامنے بھی مزاحمت کی طاقت دیتے ہیں۔

ہم کتنے خوش نصیب ہیں کہ ہمیں اس پروردگار حقیقی نے کبھی تنہا نہیں چھوڑا، کسی نے غور کیا ہے کہ ہم غریبی میں نام کیوں پیدا کرتے ہیں ہمارا مفکر ہمارے لئے ایک علیحدہ وطن کا خواب دیکھنے والا سائنس اور دین کے امتزاج پر زور دینے والا اقبال ہمیں کیوں کہتا ہے کہ امیری نہیں ہمارا طریق فقیری ہے۔

اس کے باوجود ہم گزشتہ کئی دہائیوں سے امرا کے شکنجے میں کیوں ہیں۔ نام نہاد جمہوریت ہو، ملی جلی آمریت ہو، سرمایہ اور شمشیر کی رفاقت ہو واشنگٹن کی عنایت ہو، بیجنگ کی قرابت ہو، دہلی سے خوف زدگی ہو، عرب بادشاہوں کی نیابت ہو وہی چند چہرے وہی خاندان کیوں پیش پیش رہتے ہیں۔ کبھی ہمارے تجزیہ کاروں نے غور کیا کہ ہماری عادتیں، جہالتیں، رجحانات، ارادے، جینے کے انداز تو ان صوفیائے کرام نے ترتیب دیئے ہیں واہگہ سے گوادر تک کوئی زبان بولنے والا ہو کسی قبیلے سے علاقہ رکھتا ہو کسی سلسلے سے مرید ہو اسکی گھٹی میں صوفیوں کی جدوجہد ہے۔ تجزیہ کار کیوں نہیں بتاتے کہ ہمارے حقیقی صوفیا کرام ہوس زر میں کبھی مبتلا نہیں ہوئے۔ ہوا تند و تیز رہی ہے صاحبان اختیار غیروں کے سامنے سربسجدہ رہے ہیں کوئی بیس ہزاری ہوا اور کوئی اٹھارہ ہزاری کسی کو دشت سونپ دیئے گئے۔ کسی کو جاگیریں کسی کو مربعے۔ ان صوفیا پر زمین تنگ کی گئی، ان سے سانسیں چھینی گئیں، انہیں تنگ و تاریک کوٹھڑیوں میں محبوس کیا گیا۔

لیکن آج نغمے، ترانے اکائیاں، سرانہی کے گونجتے ہیں۔ کوئی بادشاہوں، شہنشاہوں، سپہ سالاروں، تاجروں، سوداگروں، ساہوکاروں، گورنروں، درباری، نورتنوں کو یاد نہیں کرتا۔ شاہ لطیف فرماتے ہیں۔

ہنس اور مور تو کہاں ہیں آج
جھوٹے کووں کا ہے وطن میں راج

آج اتوار ہے بیٹوں، بیٹیوں، پوتے، پوتیوں، نواسوں، نواسیوں، بہوؤں و دامادوں سے دوپہر کے کھانے پر تبادلہ خیال کا دن۔ آج صوفیا کرام کے حوالے سے نئی نسل کو یقین دلانا جس سرزمین میں صوفیانہ کلام گونجتا ہے۔ وہاں ہمیشہ جھوٹے کووں کا راج نہیں رہ سکتا۔ یہاں کے لوگ کسی صوبے میں ہوں وہ مزاحمت کی سرشت رکھتے ہیں۔ واہگہ سے گوادر تک صوفیا کے کلام سے کالم کشید کرنا چاہتا ہوں کوئٹہ سے آغا گل کا ممنون ہوں کہ انہوں نے شاہ محمد مری کی مست توکلی اور ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے میری گزارش پر پاکستانی زبانوں کے صوفی شاعر سے نوازا۔ میں پھر ان صوفیا کے فکر سے محبت اور مزاحمت کشید کرونگا۔ ہم ایک میخانہ تصوف کھولیں گے اس میں سے وہ سرور تلاش کرینگے جو اس منزل تک لے کر جائیگا جس کا تعین ان سب صوفیا نے کیا تھا

☆☆☆

سردیوں کی دھوپ، کافی کا مگ اور تین اقوال



ذرا ہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ
SMS: #YPC (space) message & send to 8001
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

سردیوں کی دھوپ ہو، فروری کا موسم ہو، ہاتھ میں کافی کا مگ ہو، انگلیوں میں سِگار ہو، بس غمِ روزگار نہ ہو، اور غمِ جاناں تو بالکل نہ ہو، ایسے میں کسی کتاب کی ورق گردانی کرتے ہوئے یا انٹرنیٹ پر ٹامک ٹوئیاں مارتے ہوئے دانائی کی بات پڑھنے کو مِل جائے تو بندہ مزید سرور میں آ جاتا ہے۔ آج ایسی تین باتیں پڑھنے کو ملیں۔ پہلے سوئس ماہرِ نفسیات کارل ینگ کا قول نظر سے گزرا، فرماتے ہیں: لوگ کچھ بھی کر گزرتے ہیں، چاہے وہ کتنی ہی بے سروپا اور بیہودہ بات کیوں نہ ہو، صرف اس لیے کہ انہیں اپنی روح کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ نفسیات کی بات ہو، ینگ کا ذکر آئے اور فرائیڈ کا خیال نہ آئے، یہ ممکن نہیں۔ ینگ اور فرائڈ تقریباً ہم عصر تھے لیکن انسانی نفسیات کے بارے میں ان کی اپروچ میں فرق تھا، مثلاً فرائیڈ کے نزدیک لاشعور بنیادی طور پر تشنہ خواہشات، خاص طور پر جنسی جبلتوں کا مجموعہ ہے اور بچپن کے تجربات اور دبی ہوئی یہ نفسیاتی تکلیفیں انسان کی شخصیت کی تشکیل میں سب سے اہم کردار ادا کرتی ہیں جبکہ ینگ کا کہنا تھا کہ انسان کی شخصیت کی نشوونما کے محرکات اِس سے بڑھ کر ہیں جس میں شخصیت کا روحانی طور پر پروان چڑھنا بے حد اہم ہے۔ خوابوں کی تعبیر میں بھی دونوں کے خیالات مختلف تھے، فرائیڈ نے خوابوں کو ناآسودہ خواہشات کی تکمیل کا ذریعہ قرار دیا، جبکہ ینگ نے انہیں لاشعور کے پیغامات کہا جو فرد کی ذاتی نشوونما میں مدد دیتے ہیں۔ فرائیڈ، مذہب اور اِس سے جڑی ہوئی داستانوں کو محض نفسیاتی فریب سمجھتا تھا جبکہ ینگ انہیں انسانی نفسیات کیلئے ناگزیر قرار دیتا تھا۔ معافی چاہتا ہوں موازنہ کچھ ثقیل ہو گیا، جس طرح فرائیڈ نے کم و بیش ہر خواب کی تعبیر کو جنسی جبلتوں کا شاخسانہ قرار دیا ہے، اسے پڑھ کر ایک ناقابل اشاعت جملہ یاد آ گیا کہ اگر فرائیڈ کی یہ تشریح درست مان لی جائے تو پھر ہر بندہ ہی..... خیر جانے دیں، ہم فی الحال ینگ سے کام چلا لیتے ہیں۔

بعض اقوال ایسے ہوتے ہیں جو آپ کے سوچنے سمجھنے کا محور ہی تبدیل کر دیتے ہیں، ظاہر ہے کہ آپ زندگی کو اپنی مرضی کے مطابق تو نہیں چلا سکتے مگر دانائی کے یہ قول کم از کم زندگی سے متعلق آپ کی فکر ضرور بدل دیتے ہیں اور ینگ کا یہ قول ایسا ہی ہے۔ میں نے کئی مرتبہ یہ قول پڑھا اور ہر مرتبہ لطف لیا۔ لوگ روزانہ ایسی باتیں کرتے ہیں جو بے معنی ہوتی ہیں، تضادات کا مجموعہ ہوتی ہیں اور ان کے اپنے فعل کے برعکس ہوتی ہیں، ایک اندھے کو بھی نظر آ رہا ہوتا ہے کہ جو شخص یہ بات کر رہا ہے اسے خود اچھی طرح علم ہے کہ وہ درست نہیں کہہ رہا، ہم روزانہ منافقت کے یہ مناظر دیکھتے ہیں، خاص طور سے جو جتنا طاقتور ہوتا ہے وہ اتنا ہی منافق ہوتا ہے، مگر سمجھ نہیں پاتے کہ کوئی اس قدر ڈھٹائی سے یہ کام کیسے کر سکتا ہے، مگر ینگ نے ایک جملے میں بات صاف کر دی کہ دراصل یہ لوگ اپنی روح کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں رکھتے۔ ممکن ہے آپ میں سے کچھ لوگوں کو یہ عام سی بات لگے مگر میں نے جب سے یہ پڑھا ہے تب سے لوگوں کی حرکتوں پر کڑھنا چھوڑ دیا ہے، پہلے میں اِس قسم کی باتوں پر خواہ مخواہ جز بز ہوتا تھا لیکن اب سکون میں ہوں اور کارل ینگ کا شکر گزار ہوں۔

دوسرا قول پاؤلو کوئیلو کا ہے۔ کہتے ہیں: آپ کی زندگی میں ایک دن ایسا آئے گا جب آپ بیدار تو ہوں گے مگر آپ کے پاس ان کاموں کیلئے مزید وقت نہیں ہو گا جو آپ ہمیشہ کرنا چاہتے تھے۔ سو جو کرنا ہے ابھی کر ڈالیے۔ اِس قول کی تشریح کی ضرورت نہیں مگر مسئلہ یہ ہے کہ اتنی سادہ سی بات بھی ہمیں سمجھ نہیں آتی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم زندگی کے جھمیلوں میں اِس قدر الجھے رہتے ہیں کہ ہر کام کو کل پر ڈالتے رہتے ہیں اور بالآخر وہ کل بھی آ جاتا ہے جس دن زندگی ختم ہو جاتی ہے۔ ان غریبوں کی بات کیا کریں جو بیچارے دو وقت کی روٹی کی خاطر سارا دن چکی پیسنے پر مجبور ہیں، ان کے پاس تو یہ عیاشی ہی نہیں کہ وہ فلسفیوں اور لکھاریوں کے اقوال پڑھ کر سر دھن سکیں، مسئلہ تو ان لوگوں کا ہے جن کے پاس وسائل بھی ہیں مگر وہ اپنی زندگی ایک کے بعد ایک مقصد حاصل کرنے میں ضائع کر دیتے ہیں۔ اور زندگی کا یہ ضیاع اِس قدر غیر محسوس انداز میں ہوتا ہے کہ بندے کو پتا ہی نہیں چلتا اور پردے پر منظر بدل جاتا ہے۔

تیسری ایک جاپانی کہاوت ہے: اگر آپ غلط ٹرین پر سوار ہو جائیں تو فوراً قریبی اسٹیشن پر اتر جائیں کیونکہ اترنے میں آپ جتنی دیر لگائیں گے، واپسی کا سفر اتنا ہی مہنگا ہو گا۔ مجھے لگتا ہے کہ یہ کہاوت ان بے ڈھنگے شادی شدہ جوڑوں کو سنانی چاہیے جو تمام عمر اس چکر میں گزار دیتے ہیں کہ وقت گزرنے کے ساتھ وہ گزارا کر لیں گے۔ حالانکہ گزارا کرنا تو دور کی بات ان کی زندگی الٹا جہنم بن جاتی ہے اور جب انہیں یہ احساس ہوتا ہے اس وقت تک ٹرین سے اترنے کا آپشن ہی ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ کاروباری معاملات میں بھی یہی اصول لاگو ہوتا ہے، بعض لوگ ایک ناکام کاروبار کو کامیاب بنانے کے لیے اس میں پیسے جھونکتے رہتے ہیں یا وہ کسی غلط فیصلے کو درست ثابت کرنے کی خاطر وقت اور پیسہ دونوں برباد کرتے رہتے ہیں اور جب انہیں پتا چلتا ہے کہ وہ کیا حرکت کر بیٹھے ہیں تو اس وقت تک واپسی کا ٹکٹ اِس قدر مہنگا ہو چکا ہوتا ہے کہ وہ پھر فیصلہ نہیں کر پاتے کہ اب کیا کریں۔ انگریزی میں اسے The Sunk Cost Fallacy بھی کہتے ہیں۔ بعض اوقات دانش مندی کی ایک بات بھی کسی کی زندگی بدل سکتی ہے، ہم انہیں محض کتابی باتیں کہہ کر نظر انداز نہیں کر سکتے، اکثر ایسا ہوا ہے کہ کسی فلسفی کی بات نے میری زندگی کا زاویہ نگاہ ہی تبدیل کر دیا ہو۔ جس طرح کچھ باتیں زندگی بدل دیتی ہیں اسی طرح کچھ کتابیں بھی ایسی ہیں جنہیں آپ اِس درجہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں، میں کوشش کروں گا کہ ایسی پانچ سات کتابوں کی فہرست بنا کر پیش کروں جو ہر اس شخص کو پڑھنی چاہئیں جو اپنی زندگی میں بدلاؤ لانا چاہتا ہے۔ لیکن اگر آپ اپنی زندگی سے مطمئن ہیں اور اس میں بدلاؤ نہیں چاہتے تو پھر دوسرے لوگوں کی رہنمائی کریں کہ وہ اس قسم کی زندگی کیسے گزار سکتے ہیں، یہ صدقہ جاریہ ہو گا۔

بھارتی مسلمان اور نریندر مودی

منصور آفاق
دیوار پہ دستک

بھارت میں مسلمان مشکل میں ہیں۔ سخت گیر ہندوؤں کی جانب سے مسلمانوں کو ہراساں کرنے کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ تازہ ترین وائرل ویڈیو میں انتہا پسند ہندوؤں کو مسجد کے سامنے رقص کرتے اور ساز بجاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کی ایک ایک حرکت میں اشتعال انگیزی بھری ہوئی ہے، یعنی مساجد کی بے حرمتی کا سلسلہ بھارت میں جاری ہے۔ چند روز پہلے ایک مسلمان لڑکے کو محض مندر میں پانی پینے پر قتل کر دیا گیا۔ کمبھ کے میلے میں صدیوں سے ہندو مسلم دونوں شریک ہوتے تھے اور مسلمان لوگوں میں کھانا اور پانی تقسیم کرتے تھے۔ اب اس میں مسلمانوں کی شرکت پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ یعنی ثقافتی تقسیم کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ پریاگ راج میں ہندو انتہا پسندوں نے ایک مسلمان کو ہراساں کر کے بھگا دیا، جو برسوں سے دیوی دیوتاؤں کے پوسٹر اور مورتیاں فروخت کر رہا تھا۔ اس کا جرم صرف اس کی شناخت تھی۔ مشتعل ہجوم نے پولیس پر بھی دباؤ ڈالا کہ اسے گرفتار کیا جائے۔ یعنی اب بھارت میں روزگار کیلئے مذہبی شناخت لازمی ہو گئی ہے۔ بھارت میں مسلمانوں کی داڑھی نوچنے کے واقعات عام ہیں۔ مسلمانوں سے جے شری رام کے زبردستی نعرے لگوائے جاتے ہیں، گوشت کھانے یا فروخت کرنے پر فساد عام سی بات ہے۔ کئی علاقوں میں مسلمانوں کے گوشت فروخت کرنے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ حتیٰ کہ مسلم اکثریتی علاقوں میں بھی گوشت فروخت کرنے پر حکومتی سرپرستی میں اکثر ہندوؤں کے احتجاج جاری رہتے ہیں۔ جب نریندر مودی اقتدار میں آیا بھارت میں عدم برداشت شروع ہوئی اور اب تو بھارتی ہندو، مسلم دشمنی میں پاگل ہو چکے ہیں۔ مسلمانوں پر زمین تنگ کر دی گئی ہے۔ کچھ عرصہ پہلے دہلی کے قریب ضلع نوح میں ایک ہندو ہجوم نے مسجد کو آگ لگا دی اور اس کے امام کو مار دیا۔ وہاں اب تک درجنوں مساجد کو شہید کیا جا چکا ہے جو صدیوں سے تھیں۔ ہریانہ میں مسلمانوں کی ملکیتی دکانوں اور عمارتوں کو ہندو حکام نے غیر قانونی قرار دے کر مسمار کر دیا۔ گرائی جانے والی عمارتوں کی کل تعداد سات سو پچاس ہو چکی ہے۔ تمام غیر جانب دار مبصرین کا کہنا ہے کہ یہ بھارتی ہندو حکام فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف اپنے ردعمل میں صریحاً جانبداری کا مظاہرہ کر رہے ہیں بلکہ ہندو انتہا پسندوں کی سرپرستی کر رہے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ نریندر مودی کی پالیسیوں کے باعث انڈیا میں مسلمان غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ مودی نے عام انتخابات سے قبل ایودھیا میں شہید بابری مسجد کی جگہ رام مندر کا افتتاح کیا تھا۔ اس کا مقصد لوگوں کو یہ بتانا تھا کہ وہ ہندوتوا نظریے کے فروغ کا عمل جاری رکھے گا۔ یعنی اس کی حکومت میں مسجدوں کو شہید کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ اس موقع پر بابری مسجد کی شہادت کا جشن سرکاری طور پر منایا گیا تھا۔ اس وقت مسلمانوں کی جائیدادیں، کاروبار اور عبادت گاہیں مودی حکومت کے نشانے پر ہیں۔ نریندر مودی جب گجرات کا وزیر اعلیٰ تھا تو وہاں مسلمانوں کا قتل عام کرایا تھا۔ ایک ہزار سے زائد مسلمان شہید کر دیئے گئے تھے۔

ایک اور تکلیف دہ سلسلہ جو بھارت جاری ہے، وہ مسلمانوں کے خلاف تقاریر اور بیانات ہیں جنہیں ہندو بہت پسند کرتے ہیں۔ یہ سلسلہ سیاسی جلسوں سے شروع ہوا۔ ہندو قوم پرست رہنماؤں نے مسلمانوں کے خلاف سخت بیانات دینا شروع کیے جس نے انتہاپسندی اور تشدد کو بھرپور بڑھاوا دیا۔ ان تقاریر کا مقصد عوامی سطح پر مسلمانوں کو بدنام کرنا اور ان کے خلاف نفرت پھیلانا ہے۔ بھارتی معاشرے میں عدم برداشت کو ہوا دینے میں ان بیانات اور تقریروں نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ صرف مسلمان ہی نہیں سکھ اور عیسائی بھی بھارت میں کوئی بہتر زندگی نہیں گزار رہے۔

ابھی چند ماہ پہلے منی پور میں مسیحی خواتین کے ساتھ زیادتی کے واقعات ہوئے، جس کے نتیجے میں بی جے پی کی حکومت کے خلاف شدید احتجاج ہوا۔ پچھلے دنوں، بی جے پی کے کارکنوں نے ایک عمر رسیدہ مسلمان بزرگ شہری کو ٹرین میں بری طرح زدوکوب کیا۔ اس واقعے میں بزرگ شہری نے منت سماجت کی، لیکن کارکنوں نے تشدد جاری رکھا۔ ٹرین میں موجود دیگر مسافروں نے اس تشدد کو بے حسی سے دیکھا اور کسی نے بھی بزرگ شہری کی مدد نہ کی۔ گائے ذبح کرنے پر الزام پر متعدد پرتشدد واقعات رپورٹ ہوئے۔ مساجد اور عبادت گاہوں پر ہندوؤں کے حملے مسلسل بڑھ رہے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں اقلیتی طالب علموں کے ساتھ امتیازی سلوک کے واقعات میں تیزی آئی ہے۔ بھارت میں انسان دوستی اور ہم آہنگی کا جذبہ کمزور پڑ گیا ہے۔ نریندر مودی جب سے اقتدار میں آیا ہے شدت پسند ہندو تنظیموں کی حکومتی سرپرستی جاری ہے جو اقلیتوں کے خلاف وسیع پیمانے پر منافرت پھیلا رہی ہیں۔ مسلمانوں کو دہشت گرد قرار دیا جا رہا ہے۔ نریندر مودی اور صدر ٹرمپ کے مشترکہ اعلامیے میں دہشت گردی کے حوالے سے جو کچھ کہا گیا ہے۔ وہ بھی گمراہ کن ہے اور اس کے اثرات بھی ہندوستانی مسلمانوں پر مرتب ہوں گے۔

سوال پیدا ہوتا ہے بھارتی مسلمانوں کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں یا ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ میرے خیال میں مسلم ممالک میں ہندوستان میں مسلمان کے تحفظ کی تحریک چلانی چاہئے کہ وہ بھارت پر دباؤ ڈالیں کہ وہاں کے مسلمانوں کے خلاف امتیازی کارروائیاں ختم کی جائیں وگرنہ صورتحال گھمبیر بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس بھارت کے پاکستان میں دہشتگردی کرانے کے ناقابل تردید ثبوت ہیں۔ ان تمام ثبوتوں کے ڈوزیئر ہمیں صدر ٹرمپ کو بھیجنے چاہئیں کہ دہشت گرد ہم پاکستانی نہیں خود نریندر مودی ہے۔

جاپان: پاکستانی ہنرمندوں کیلئے ملازمتیں

نقش خیال
☆☆☆☆☆
عرفان صدیقی

جاپان دنیا کی تیسری بڑی معیشت ہے، مگر یہاں مزدوروں کی شدید کمی ہے۔ جاپان کی آبادی مسلسل کم ہو رہی ہے اور زیادہ تر لوگ عمر رسیدہ ہو چکے ہیں، جس کی وجہ سے جاپانی حکومت نے غیر ملکی ہنرمندوں کو جاپان بلانے کے لیے مختلف اقدامات کیے ہیں۔ ان میں سے سب سے اہم خصوصی ہنرمند ورکر (Specialized Skilled Worker-SSW) ویزا پروگرام ہے، جس کے ذریعے جاپان مختلف ممالک سے ہنرمند افراد کو روزگار فراہم کر رہا ہے۔ اس ویزا پروگرام کا آغاز 2019 میں کیا گیا تھا اور اب تک ہزاروں غیر ملکی مزدور اس کے تحت جاپان آ چکے ہیں جن میں دو ہزار کے لگ بھگ پاکستانی مرد و خواتین بھی شامل ہیں۔ جاپان نے اس ویزے کے لیے مختلف شعبے مخصوص کیے ہیں جن میں نرسنگ کیئر، تعمیرات، زراعت، ہوٹل مینجمنٹ، فیکٹری ورکرز، فوڈ سروس، شپ بلڈنگ اور دیگر شامل ہیں۔ ان میں سے بہت سے شعبے ایسے ہیں جن میں پاکستانی مزدور پہلے ہی دیگر خلیجی ممالک میں کام کر رہے ہیں، اس لیے اگر وہ مطلوبہ شرائط پوری کر سکیں تو جاپان منتقل ہونا ان کے لیے زیادہ مشکل نہیں ہو گا۔

پاکستان سے جاپان کے SSW ویزا پر آنے کے لیے سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ امیدوار کے پاس تعلیم کم ہو تو کم از کم دس سال کا متعلقہ شعبے میں کام کرنے کا تجربہ ہو اور وہ جسمانی و ذہنی طور پر صحت مند ہو۔ اس ویزے کے لیے جاپانی زبان سیکھنا لازمی ہے، کیونکہ جاپانی کمپنیوں کو ایسے ورکرز درکار ہیں جو کم از کم بنیادی جاپانی زبان سمجھ سکیں۔ جاپانی زبان کا امتحان (JLPT) N4 یا اس کے مساوی سطح کا ہونا ضروری ہے، جبکہ مخصوص شعبوں کے لیے ٹیکنیکل ٹیسٹ بھی پاس کرنا ہو گا۔ جو پاکستانی امیدوار پہلے ہی کسی خلیجی ملک میں کام کر رہے ہیں اور جاپانی کمپنیوں کے مطلوبہ تجربے کے حامل ہیں، وہ براہ راست جاپان کی مختلف کمپنیوں یا جاپانی ملازمت ایجنسیوں کے ذریعے ملازمت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے سب سے پہلے کسی مجاز جاپانی کمپنی سے ملازمت کا معاہدہ حاصل کرنا ضروری ہو گا۔ اس معاہدے کے بعد جاپانی کمپنی امیدوار کی جانب سے جاپانی امیگریشن سروسز ایجنسی میں درخواست دے گی، جس کے بعد امیدوار کو جاپان کے قریبی جاپانی سفارتخانے سے ویزا حاصل کرنا ہو گا۔ پاکستان میں جاپانی سفارتخانہ وقتاً فوقتاً مختلف تربیتی پروگرامز اور امتحانات کا انعقاد کرتا ہے جن کے ذریعے پاکستانی ہنرمند SSW ویزا کے لیے کوالیفائی کر سکتے ہیں۔ اس لیے جو افراد جاپان جانے کے خواہش مند ہیں، انہیں جاپانی زبان سیکھنے کے ساتھ ساتھ ان تربیتی پروگرامز میں بھی شرکت کرنی چاہیے۔ پاکستان میں رہنے والے وزارت برائے اوورسیز پاکستانی کی ویب سائٹ سے استفادہ کر سکتے ہیں جس میں اسکلڈ ورکر پروگرام کے حوالے سے تمام تفصیلات اور وہ مجاز ادارے جو ورکروں کو جاپان بھجوانے کا لائسنس رکھتے ہیں کی تفصیلات درج ہیں۔ SSW ویزا کے تحت جاپان جانے والے پاکستانی مزدوروں کو مختلف فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے، انہیں قانونی طریقے سے جاپان میں کام کرنے کا موقع ملتا ہے، جس سے وہ بہتر تنخواہ اور مراعات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، اگر وہ جاپان میں اچھا کام کرتے ہیں اور ان کا تجربہ بڑھ جاتا ہے تو وہ اپنے ویزا کی مدت بڑھا سکتے ہیں یا مستقل رہائش کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ اس ویزے کے تحت جاپان میں زیادہ سے زیادہ پانچ سال تک کام کرنے کی اجازت دی جاتی ہے، لیکن اگر کوئی ورکر مزید تجربہ حاصل کر لیتا ہے اور کسی ہائی لیول اسکلڈ ویزا کے لیے اہل ہو جاتا ہے، تو وہ طویل المدتی بنیادوں پر جاپان میں رہ سکتا ہے۔

بہت سے پاکستانی ورکرز جاپان جانے کے لیے غیر قانونی یا غیر مستند ایجنٹوں کا سہارا لیتے ہیں، جو بعد میں ان کے لیے مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ وہ صرف مستند ذرائع سے ویزا حاصل کریں۔ جاپان میں اوسطاً تنخواہیں خلیجی ممالک کے مقابلے میں زیادہ ہیں اور کام کے حالات بھی بہتر ہیں۔ اس لیے اگر کوئی شخص خلیج میں موجود ہے اور جاپان منتقل ہونا چاہتا ہے تو وہ SSW ویزا کے لیے اپلائی کر سکتا ہے، بشرطیکہ وہ جاپانی زبان کا بنیادی امتحان پاس کرے اور مطلوبہ مہارت رکھتا ہو۔ جاپان کی حکومت نے SSW ویزا پروگرام کو مزید کامیاب بنانے کے لیے حال ہی میں کچھ نئے قوانین متعارف کرائے ہیں، جن کے تحت اب زیادہ سے زیادہ ممالک کے ہنرمند مزدور جاپان آ سکتے ہیں۔ اس لیے آنے والے برسوں میں پاکستانیوں کے لیے جاپان میں ملازمت کے مزید مواقع پیدا ہونے کا امکان ہے۔ جو لوگ جاپان جا کر کام کرنا چاہتے ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ جلد از جلد جاپانی زبان سیکھنا شروع کریں اور کسی مستند جاپانی کمپنی یا ریکروٹمنٹ ایجنسی سے رابطہ کریں۔ اس ویزا کے حصول کے لیے جاپانی امیگریشن سروسز ایجنسی کی آفیشل ویب سائٹ اور جاپانی سفارتخانے کی ویب سائٹ پر وقتاً فوقتاً اپ ڈیٹس چیک کرتے رہنا بھی ضروری ہے اور ہاں آئی ٹی کے شعبے میں ماہرین کی طلب اور کاروبار اور سرمایہ کاری کر کے جاپان آنے پر پہلے بھی کوئی پابندی نہیں تھی تاہم اب جاپانی حکومت غیر تعلیم یافتہ لیکن تکنیکی ہنرمند افراد کو قانونی ویزے پر جاپان آنے کے مواقع فراہم کر رہی ہے تو اس موقع کو بالکل ضائع نہ کریں۔

ایک بار پھر ازبکستان میں

زیرو پوائنٹ
جاوید چودھری
javedch100@gmail.com

تاشقند سے میرا پہلا تعارف پاکستانی تاریخ کی کتابوں سے ہوا تھا میری نسل کے لوگ بچپن میں جب بھی 1965 کی جنگ کا احوال پڑھتے تھے تو انہیں دو فقرے ضرور سہنا پڑتے تھے رات کی سیاہی میں بزدل دشمن نے لاہور پر حملہ کر دیا اور دوم فیلڈ مارشل ایوب خان نے 10 جنوری 1966 کو جیتی ہوئی جنگ تاشقند میں میز پر ہار دی۔ بڑے ہوئے تو یہ بھی معلوم ہوا ذوالفقار علی بھٹو نے تاشقند کے معاہدے کا بھرپور سیاسی فائدہ اٹھایا ایوب خان اس وقت تک جسمانی اور سیاسی لحاظ سے کمزور ہو چکے تھے ملک میں ان کے خلاف نفرت بھی پائی جاتی تھی ذوالفقار علی بھٹو نے معاہدہ تاشقند کو غیرت کا پرچم بنایا اور بدنصیب جذباتی قوم کے سر پر لہرانا شروع کر دیا اور ہم لوگ کیوں کہ ہر جذباتی نعرے اور دعوے کو حقیقت مان لیتے ہیں۔ چناں چہ ہم نے بھٹو صاحب کا پرچم بھی تھام لیا بھٹو پوری زندگی دعویٰ کرتے رہے میں آپ کو بتاؤں گا تاشقند میں کیا ہوا تھا؟ اور قوم پوری زندگی بھٹو کی پٹاری کھلنے کا انتظار کرتی رہی لیکن تاشقند میں کیا ہوا قوم کو آج تک معلوم نہ ہو سکا۔ مزید بڑے ہوئے تو معلوم ہوا معاہدے کے لیے بھارت کی طرف سے وزیراعظم لال بہادر شاستری تاشقند آئے تھے پاکستان کی طرح معاہدے کے بعد بھارت میں بھی شور ہو گیا شاستری نے میدان میں جیتی ہوئی جنگ میز پر ہار دی عوام نے وزیراعظم ہاس کا گھیراؤ کر لیا۔

شاستری نے خیریت معلوم کرنے کے لیے گھر فون کیا بیٹی نے رو رو کر کہا باپو آپ نے قوم کی ناک کٹوا دی شاستری نے اسے اطمینان دلانے کی کوشش کی بیٹی نے باپ کے بجائے عوامی رائے پر یقین کیا شاستری جی عوام کی غلط فہمی کو دل پر لے گئے معاہدے کی رات انہیں دل کا دورہ پڑا اور وہ ہوٹل تاشقند میں آنجہانی ہو گئے۔ ہم لوگ مزید بڑے ہوئے تو امیر تیمور کی بائیوگرافی پڑھنا شروع کر دی اور امیر تیمور کے ساتھ ساتھ ازبکستان کے رومان میں بھی گرفتار ہو گئے یہ رومانس آج تک جاری و ساری ہے اور میں 13 اور 14 فروری کی درمیانی شب ایک بار پھر تاشقند پہنچ گیا۔

تاشقند پاکستان سے بہت نزدیک ہے فلائیٹ صرف اڑھائی گھنٹے میں لاہور سے تاشقند پہنچ جاتی ہے پاکستان اور تاشقند کا ٹائم بھی یکساں ہے پاکستان میں بارہ بجتے ہیں تو اس کے ساتھ ہی تاشقند میں بھی بارہ بج جاتے ہیں وقت کی اس یکسانیت کے بارے میں معلوم ہوا ازبکستان کی حکومت اور عوام پاکستان کو بہت پسند کرتے تھے ازبکستان 29 اگست 1991 میں آزاد ہوا آزادی کے بعد معیاری وقت کے تعین کا مرحلہ آیا تو ازبکستان نے چپ چاپ پاکستان کے معیاری وقت کو اپنا معیاری وقت بنا لیا۔ ازبکستان نے 1995 میں اپنی کرنسی سم لانچ کی اس وقت ایک ڈالر 35 روپے میں آتا تھا ازبکستان نے بھی ڈالر کا ایکس چینج ریٹ 35 سم طے کر دیا 96-1995 میں ازبکستان میں 60 ہزار پاکستانی تھے اور یہ لوگ پاکستانیوں کو بہت پسند کرتے تھے لیکن افغانستان میں طالبانائزیشن کے بعد ازبکستان کے پاکستان سے تعلقات خراب ہو گئے۔ طالبان نے اس دور میں سمرقند اور بخارہ پر قبضے کا اعلان کر دیا تھا اور ازبکستان کی حکومت کا خیال تھا پاکستان اور آئی ایس آئی طالبان کو سپورٹ کر رہی ہے ازبکستان نے پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرنا شروع کیا اور ایک وقت ایسا آیا جب تاشقند میں صرف 14 پاکستانی رہ گئے اور ان میں سے بھی 9 سفارتکار تھے یہ اختلافات جنرل پرویز مشرف کے دور تک جاری رہے جنرل مشرف کے دور میں تعلقات دوبارہ بحال ہوئے اور برف آہستہ آہستہ پگھلنا شروع ہو گئی۔ تاشقند ایک دلچسپ شہر ہے شہر انتہائی خوب صورت اور صاف ستھرا ہے ازبک لوگ بھی فطرتاً صاف ستھرے لوگ ہیں یہ گھروں، ماحول اور گلی کوچوں کی صفائی کا خصوصی خیال رکھتے ہیں ازبک بچیاں شام کو جھاڑو لے کر گھر سے نکلتی ہیں اور گلی صاف کرتی ہیں تمام دفاتر میں ہفتے کے دن صفائی کی جاتی ہے اور اس میں باس سے لے کر ملازمین تک حصہ لیتے ہیں لا اینڈ آرڈر مثالی ہے۔ عوام پورے ملک میں بلا خوف پھرتے ہیں نوجوان لڑکیاں آدھی آدھی رات کو اکیلی گھومتی ہیں اور کوئی ان کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتا ٹریفک رولز پر سختی سے عمل ہوتا ہے آپ وزیر ہوں یا جنرل ٹریفک رولز کی خلاف ورزی پر آپ کو ہر حال میں سزا ہو گی۔ آزادی کے بعد ازبکستان میں بھی طالبانائزیشن شروع ہو گئی تھی ملک میں بم دھماکے اور قتل و غارت گری بھی ہوئی لیکن حکومت نے امن خراب کرنے والے لوگوں کو اڑا کر رکھ دیا ملک میں منشیات اسلحہ اور تبلیغ تینوں پر سخت پابندی ہے یہ ان تینوں جرائم پر ملزموں کو سزائے موت تک دے دیتے ہیں دفاتر اور کھلی جگہوں پر نماز ادا نہیں کی جا سکتی آپ مسجد یا گھر میں نماز پڑھ سکتے ہیں۔ داڑھی رکھنے پر پابندی تھی لیکن اب آہستہ آہستہ اس قانون میں نرمی کی جا رہی ہے داڑھی پر پابندی کی وجہ سے مسجدوں کے امام بھی داڑھی کے بغیر نماز پڑھاتے ہیں ملک میں گاڑی چوری کی سزا بھی موت ہے لہٰذا ملک میں گاڑی چوری کا واقعہ نہیں ہوتا حکومت کے پاس دہشت گردوں سے نمٹنے کے لیے وسیع اختیارات ہیں اور عدالتیں اس معاملے میں حکومتی کام میں مداخلت نہیں کرتیں۔

ڈرائیونگ لائسنس کیلئے مکینک ہونا ضروری ہوتا ہے حکومت کی کوشش ہوتی ہے صرف ان لوگوں کو لائسنس دیے جائیں جو ایمرجنسی میں گاڑی ٹھیک کر سکیں اور گاڑی کو ورکشاپ تک پہنچا سکیں لوگ محنتی ہیں بالخصوص عورتیں کام کرتی ہیں آپ کو فٹ پاتھ پر خوانچہ فروشوں سے لے کر آفس تک ہر جگہ خواتین کام کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ چار سو تاشقند کا قدیم ترین بازار ہے اس بازار میں مصالحہ جات اور ڈرائی فروٹ کی دو ہزار سال پرانی مارکیٹ ہے اس مارکیٹ پر خواتین کا قبضہ ہے یہ سبز رنگ کی گول مارکیٹ ہے جس کے اندر سیکڑوں اوپن دکانیں ہیں اور کاؤنٹر نما دکانوں پر مصالحہ جات اور ڈرائی فروٹ کے کنستر اور ٹوکریاں رکھی ہیں چار سو میں فروٹس سبزی اور گوشت کی بھی سیکڑوں دکانیں ہیں۔

ازبکستان کی کرنسی بہت سستی ہے ڈالر کے گورنمنٹ اور اوپن مارکیٹ ریٹ میں بہت فرق ہے حکومت ایک ڈالر کے تیرہ ہزار سم دیتی ہے جب کہ اوپن مارکیٹ میں ایک ڈالر کے تیرہ ہزار 8 سو سم مل جاتے ہیں آپ سو ڈالر تبدیل کراوئیں تو آپ کو تیرہ لاکھ 80 ہزار سم مل جائیں گے میں نے دنیا میں ازبکستان سے زیادہ کسی جگہ کرنسی کی اتنی بے قدری نہیں دیکھی۔

لوگ تھیلوں اور شاپنگ بیگز میں نوٹ ڈال کر پھرتے ہیں افراط زر انتہائی زیادہ ہے آپ کو پانی کی بوتل چار پانچ ہزار سم میں ملتی ہے آپ ایک وقت کا کھانا پچاس ساٹھ ہزار سم میں کھاتے ہیں لیکن افراط زر کے باوجود کھانے پینے کی اشیا بہت سستی ہیں ازبکستان میں فروٹ ارزاں اور وافر ہے اناج اور گوشت بھی پاکستان سے سستا ہے کھانے پینے کی اشیا کی کوالٹی بہت اچھی ہے ملاوٹ اور جعلی اشیا کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

لوگ بے انتہا مہمان نواز ہیں آپ کسی کے گھر چلے جائیں وہ آپ کو چائے پلائے بغیر نہیں جانے دے گا معاشرہ محفوظ ہے چناں چہ لوگ اجنبیوں کے لیے گھروں کے دروازے کھول دیتے ہیں۔ خست امام شہر کا قدیم علاقہ ہے یہ امام کفل ششی کا علاقہ ہے امام صاحب امیر تیمور سے قبل اس علاقے میں آئے تھے اور انہوں نے ہزاروں لوگوں کو اسلام کے دائرے میں داخل کیا تھا امیر تیمور نے خست امام کا مزار بنوایا موجودہ حکومت نے مزار کے سامنے شان دار مسجد بنوائی۔

یہ مسجد بھی عجوبہ ہے خست امام میں حضرت عثمان غنی کا قرآن مجید بھی زیارت کے لیے موجود ہے ازبک لوگوں کا دعویٰ ہے یہ وہ قرآن مجید ہے جس کی تلاوت کرتے ہوئے حضرت عثمان غنی شہید ہوئے تھے اسی قسم کا ایک قرآن مجید استنبول کے توپ کاپی میوزیم میں بھی موجود ہے ان دونوں میں اصل کون سا ہے اللہ تعالی بہتر جانتا ہے۔ خست امام کے دائیں بائیں تاشقند کا قدیم شہر واقع ہے یہ شہر کچی مٹی سے بنا ہوا ہے گلیاں تنگ مگر صاف ستھری ہیں ہر گھر میں صحن ہے اور صحن میں انگور کی بیلیں خوبانی آلو بخارہ اور سیب کے درخت ہیں گھروں کے کمرے مستطیل ہوتے ہیں اور صحن کے چاروں اطراف بنائے جاتے ہیں کمروں کے سامنے طویل برآمدہ ہوتا ہے اور برآمدے میں ایک بڑا تخت ہوتا ہے جس پر سارا خاندان کھانا کھاتا ہے۔

تاشقند کے ہر محلے میں ایک سرکاری گھر ہوتا ہے یہ گھر دراصل اولڈ پیپل ہوم ہوتا ہے محلے کے بوڑھے اس گھر میں جمع ہو جاتے ہیں یہ سارا دن یہاں شطرنج اور تاش کھیلتے ہیں گھر میں چھوٹا سا کچن بھی ہوتا ہے یہ اس کچن میں چائے اور کھانے کا بندوبست کر لیتے ہیں یہ لوگ اسلام سے بے انتہا محبت کرتے ہیں کھانے کے بعد دعا ان کا معمول ہے۔

یہ قبرستان کے قریب سے گزرتے ہوئے بھی ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہیں رحمت ان کا خدا حافظ ہے یہ رخصت ہوتے ہوئے ایک دوسرے کو رحمت کہتے ہیں اور سینے پر ہاتھ باندھ کر سلام کرتے ہیں معاشرہ لبرل ہے لوگ ایک دوسرے کے معاملات میں ناک نہیں گھسیڑتے مسجد اور کلب ساتھ ساتھ چل رہے ہیں اور کوئی دوسرے کے راستے میں نہیں آ رہا۔ امیر تیمور اپنے ازبکستان کو دنیا کا خوبصورت ترین ملک کہتا تھا اور اس ملک میں داخل ہونے کے بعد آپ کو تیمور کا دعویٰ غلط نہیں لگتا۔ لوگ اور ماحول دونوں انتہائی خوب صورت اور پرکشش ہیں۔

بقیہ نمبر 1

پر کھڑا کیا جائے، رینجرز کو ان واقعات کی پیشگی روک تھام کے لیے استعمال کیا جائے۔فاروق ستار نے کہا کہ بدترین طرز حکمرانی ملک دشمنی ہے، پنڈی والے کہتے ہیں کہ سسٹم کو اکھاڑ دیں گے مگر سسٹم موجود ہے، چغلی کرنے والوں کو دھمکایا جاتا ہے، روک سکتے ہیں تو چغلی سننے والوں کو بھی روکیں، ہمارے اہم فیصلوں اور پالیسیوں میں گورنر سندھ کا اہم کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی موجودہ صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے، یہاں حالات کسی وقت بھی ایٹم بم کی طرح پھٹ سکتے ہیں،100افراد کی ہلاکت کے باوجود وزیراعلیٰ یا کسی اعلیٰ قیادت کی جانب سے کوئی ہمدردی کا بیان نہیں آیا۔شہر کی صورتحال پر حکومت کو فوراً تلاش حل کرنا ہوگا ورنہ 85 سے زیادہ بدتر حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔فاروق ستار نے کہا کہ پرامن احتجاج اور عوامی رابطے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں، جماعت اسلامی بھی اس میں اپنا حصہ ڈالے جو اس وقت پیپلز پارٹی کی بغل میں چھپی ہے۔ایم کیو ایم نے ہمیشہ بھائی کو بھائی سے لڑانے کی سازشوں کو ناکام بنایا ہے اور اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو سازش کامیاب ہو جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ ڈمپر مافیا قانون کو ہاتھ میں لے کر شہر میں ریاست چلا رہا ہے اور جرائم مافیا اپنے مفادات کو فروغ دے رہا ہے۔انہوں نے آفاق احمد کی گرفتاری کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس پر کوئی ردعمل نہ آیا تو شہر کی سیاست کی ڈائنامکس تبدیل ہو جائیں گی۔فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیو ایم کا پیغام مہاجروں کے لیے ہے جو اس ظلم کا شکار ہیں، اور اگر ایم کیو ایم صبر کی تلقین نہ کرتی تو شہر میں حالات مزید خراب ہو چکے ہوتے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اشتعال انگیز بیانات پر ڈمپر مافیا کے سرغنہ کو بھی گرفتار کیا جائے۔ڈمپر مافیا کو لوگوں کی جانوں سے کھیلنے کی کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے، اس پر کوئی ری ایکشن دیا جائے تو اسے دھکایا جاتا ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ ڈمپر مافیا کا سرغنہ کرکٹ کھلاڑی سیاستدان کیساتھ کھڑا رہا ان کا امیدوار تھا، یہ عناصر سیاسی جماعتوں میں اپنی جگہ بناتے ہیں، اس طرح مافیا کے کارندوں کی سرکوبی ہونی چاہئے، ایسا نہ ہوا تو مافیا اس شہر کو لیڈ کرے گا اور سیاستدان بیک سیٹ پر ہوں گے۔ایم کیو ایم رہنما نے مزید کہا کہ کراچی میں صوبائی حکومت سیاسی وڈیروں کی بے حسی اور مفاد پرستی بدترین حکمرانی نے پاکستان کی سلامتی بقا کو کراچی میں داؤ پر لگا دیا، ہمیں دیوار سے لگایا گیا تو نہیں معلوم اس شہر میں کیا ہوگا، آخری وارننگ دے رہا ہوں، ہم کراچی کو 85 جیسی آگ میں دھکیلنا نہیں چاہتے۔ فاروق ستار نے کہا کہ سیاسی طریقہ متروک ہو گیا تو پھر کراچی کی سیاسی ڈائنامکس تبدیل ہو جائے گی۔ بے بسی بے حسی احساس محرومی احساس بیگانگی اور عدم تحفظ سے کراچی کے شہری گزر رہے ہیں، اللہ نہ کرے میرے منہ میں خاک کراچی بیروت بننے اور 85 سے بدتر حالات کی جانب جاتا نظر آرہا ہے، ظلم وناانصافی کا ناختم ہونیوالا سلسلہ اتنا طویل ہے جتنی پریس کانفرنسیں کریں کم ہیں۔

بقیہ نمبر 2

کیوایم رہنما ڈاکٹر فاروق ستار کی پریس کانفرنس پر رد عمل دیتے ہوئے ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار کی آج کی کانفرنس زہریلی سوچ کا مرہبہ ہے، کراچی کے عوام ایم کیو ایم کی نفرت اور تقسیم کی سیاست کو رد کر چکے ہیں، ایم کیو ایم کی تعصب، نفرت اور بدبودار سیاست کا جنازہ نکل چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام ایم کیو ایم کے ڈراموں کو مسترد کر چکے ہیں، اب یہ چیخ و پکار بھی انہیں دوبارہ زندہ نہیں کر سکتی، جو لوگ عوام کے حقوق کے نام پر کراچی کو یرغمال بناتے رہے اب وہ لوگ دوبارہ کراچی کا امن تباہ کرنے پر تلے ہیں، انہیں شرم آنی چاہیے، ڈاکٹر فاروق ستار پہلے یہ بتائیں کہ اقتدار میں ہوتے ہوئے کراچی کے لیے سوائے تباہی اور لسانی سیاست کے کیا کیا؟ سعدیہ جاوید نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار کی پریس کانفرنس سے واضح ہو گیا کہ ایم کیو ایم کراچی میں امن نہیں چاہتی، کراچی کو تقسیم کرنے کی سازشیں ناکام ہو چکی ہیں، عوام نے ایم کیو ایم کو مسترد کر دیا ہے، پیپلز پارٹی کی سیاست عوام کی خدمت پر مبنی ہے، ایم کیو ایم کی سیاست لاشوں، خوف اور دھمکیوں پر کھڑی ہے۔ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ کراچی کے عوام نے بوری بند لاشوں، بھتہ خوری اور نفرت کی سیاست کو ہمیشہ کے لیے دفن کر دیا، سندھ حکومت نے کراچی میں ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے اقدامات کیے ہیں، کراچی بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ترقی اور خوشحالی کی جانب رواں دواں ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈمپرز کے ٹکر سے لوگوں کی اموات محض حادثات ہیں، ایم کیو ایم کے لوگ تو لوگوں کو ٹارگٹ کر کے قتل کرتے آئے ہیں، کراچی کو لوگوں کو بوری بند لاشوں کا تحفہ دینے والے کس منہ سے فسادات کی بات کر رہے ہیں، ایم کیو ایم مردہ سیاست کو زندہ کرنے کیلئے پیپلز پارٹی پر تنقید کرتی ہے، ایم کیو ایم رہنما آپسی اختلافات کا غصہ کسی اور پر نکال رہے ہیں

بقیہ نمبر 3

تھا کہ ظالمانہ برطرفی سے دلبرداشتہ ایبٹ آباد کے ایک ڈیلی ویجز ملازم نے خودکشی کر لی۔

بقیہ نمبر 4

نوجوانوں کا پاک فوج سے ایک انتہائی مضبوط رشتہ ہے، ملک دشمن عناصر کی فوج اور عوام کے درمیان خلیج ڈالنے کی کوشش ہمیشہ ناکام رہی ہے اور رہے گی۔جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ جب تک قوم اور بالخصوص نوجوان ساتھ کھڑے ہیں اور جب تک ہم میں قربانی کا جذبہ موجود ہے، پاک فوج کبھی نہیں ہارے گی۔انہوں نے کہا کہ ہم کامریڈز کی طرح لڑتے ہیں، فوج کا یہی تو مزہ ہے کہ ہمیں کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ کون سندھی، کون پنجابی، کون بلوچ اور کون پٹھان ہے، ہم بس ساتھیوں کی طرح لڑتے ہیں، ہمارے لیے صرف پاکستانیت ہی اہم ہے اور ہمیں اس سے محبت ہے۔آرمی چیف نے کہا کہ ہم آج کل فتنۃ الخوارج کے فسادیوں سے لڑ رہے ہیں، آپ سمجھ رہے ہیں کہ یہ جہاد کر رہے ہیں مگر یہ خارجی اور دین سے نکلے ہوئے ہیں کیونکہ انہوں نے اسلام کی خودساختہ تشریح کر رکھی ہے جس کی اسلام میں اجازت نہیں ہے۔سربراہ پاک فوج نے کہا کہ خارجی عناصر اسلامی تعلیمات کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، فسادیوں کے بارے میں اسلام کے احکامات بہت واضح ہیں، ریاست کے سامنے سرینڈر کرنے والے رحم کی توقع کر سکتے ہیں۔آرمی چیف نے قرآن کی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ خارجیوں کے بارے میں اللہ کے احکامات یہ ہیں کہ یہ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین پر فساد برپا کرتے ہیں، ان کی سزا یہ ہے کہ انہیں ختم کر دو، پھانسیوں پر لٹکا دو اور ان کے ہاتھ پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دو یا انہیں اپنی زمین سے دربدر کر دو، یہ سزا دنیا میں ہے اور آخرت میں انہیں اس سے بڑا عذاب دیا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ اسلام دنیا میں سب سے پہلا مذہب ہے جس نے عورت کو عزت دے کر آسمان تک پہنچایا، چاہے ایک عورت ماں ہو، بیوی یا بہن کسی بھی کردار میں اسلام نے عورت کو عزت دی ہے۔پاک فوج کے سپہ سالار نے کہا کہ خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے غیور لوگ دہشتگردوں کے خلاف آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں

بقیہ نمبر 5

ہے۔دریائے راوی کے کنارے وسیع سبز بیلٹ بنانے کے منصوبے کے تحت ابتدائی طور پر 144 ایکڑ پر ایک لاکھ پانچ ہزار درخت لگائے جا چکے ہیں جبکہ مجموعی طور پر 6 لاکھ 34 ہزار درخت لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، اس منصوبے سے نہ صرف فضائی آلودگی میں کمی آئے گی، بلکہ لاہور کی فضاں میں تازگی بھی آئے گی۔سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ لاہور کو سرسبز اور ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اولین ترجیح ہے، یہ منصوبہ لاہور کی فضا میں بہتر آکسیجن کی فراہمی اور اسموگ کے خاتمے کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔پنجاب حکومت کے تحت محکمہ فارسٹ اور روڈا نے اس شجرکاری مہم کا آغاز کیا ہے اور اس میں ہر شہری کو شامل ہونے کی اپیل کی ہے تاکہ لاہور کو اسموگ فری بنایا جا سکے۔ ہر فرد کا شجرکاری مہم میں حصہ لینا ضروری ہے تاکہ سبز لاہور کے خواب کو حقیقت میں بدل سکیں۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف لاہور کی ماحولیاتی حالت کو بہتر بنائے گا بلکہ پنجاب حکومت کا ایک اہم اقدام ہے جو گرین انقلاب کی جانب ایک بڑا اقدم ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 6

ناپاک عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔اپنے بیان میں وزیراعظم نے حملے میں شہید ہونے والے اہلکار علی نواز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہید کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعاء کی۔وزیراعظم نے حملے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی دعا کی اور کہا کہ دہشتگرد بلوچستان کی تعمیر وترقی کے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔شہباز شریف نے کہا کہ لیویز اہلکار نے وطن کی حفاظت کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ وطن کے امن کی خاطر جان قربان کرنے والے علی نواز شہید کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 7

کیا گیا ہے جس کے مطابق خیبر پختونخوا میں دہشت گرد انہیں مذہبی اور سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے نشانہ بنا سکتے ہیں۔ذرائع کے مطابق ڈی آئی خان پولیس نے مولانا فضل الرحمان اور ان کی جماعت کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی نقل وحرکت کو محدود رکھیں اور سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنائیں۔یہ تھریٹ لیٹر ایسے وقت میں جاری کیا گیا ہے جب ملک میں امن وامان کی صورتحال حساس ہے اور سیاسی رہنماں کو مختلف سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے۔پولیس نے مولانا فضل الرحمان کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور کسی بھی غیر معمولی صورتحال میں فوری طور پر متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 8

پریس کلب اور یونین آف جرنلسٹس اٹھارہ ہزاری کی کابینہ سال 26-2025 کے لیے متفقہ طور پر تشکیل دے دی گئی۔ تحصیل پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ محمد حبیب شیخ، چیئرمین رائے اسد بھٹی، صدر محمد عمران سیال، جنرل سیکرٹری سبطین عباس، سینئر وائس چیئرمین جواد وسیم خان، وائس چیئرمین مسعود الرحمٰن، نائب صدر سید غلام عباس شاہ، جوائنٹ سیکرٹری آصف اقبال بلوچ، انفارمیشن سیکرٹری محمد نعیم ملکانہ، فنانس سیکرٹری جہانگیر عباس کھارا، آفس سیکرٹری رانا محمد عرفان، ایگزیکٹو ممبران محمد عرفان احمد اور محمد عمران گجر اور لیگل ایڈوائزر مشعل منصور ایڈووکیٹ متفقہ طور پر منتخب ہوئے۔ جبکہ تحصیل یونین آف جرنلسٹس کی کابینہ میں چیئرمین ملک منور حسین کھوکھر، صدر آصف شہزاد خان، جنرل سیکرٹری خضر عباس خان، وائس چیئرمین اسد رضا پرنس، نائب صدر اول شہزاد خان بلوچ، نائب صدر دوم رائے ذیشان صفدر بھٹی، جوائنٹ سیکرٹری تیمور خالد ملک، انفارمیشن سیکرٹری عبدالرحمٰن حیدری، فنانس سیکرٹری قمر عباس سندیلہ، آفس سیکرٹری تصور گورائیہ اور ایگزیکٹو ممبر محمد عمران بھی متفقہ طور پر منتخب ہوئے۔ کابینہ کا اعلان گروپ لیڈر مخدوم ابوتراب ترابی کی جانب سے کیا گیا۔ان کا کہنا تھا کہ کابینہ سے توقع ہے کہ وہ مقامی صحافیوں کیلئے روایتی خدمات سرانجام دیں گے

بقیہ نمبر 9

آج اور آنیوالے وقت میں اپنے اداروں کے ساتھ کھڑا ہوں۔گورنر پنجاب نے کہا کہ ہر طرف سے یہی کوشش ہے کہ پاکستان واحد ایٹمی پاور ہے اسے ختم ہونا چاہئے اگر یہ قائم ہے تو پاکستان کی مضبوط فوج کی وجہ سے ہے۔سردار سلیم حیدر کا مزید کہنا تھا کہ دو چار سڑکیں اور فنڈز کیلئے منتیں کرنے کا عادی نہیں، جب بلاول بھٹو وزیراعظم بنیں گے تب زیادہ فنڈز اٹک میں استعمال کریں گے، اٹک کے عوام ترقیاتی کاموں سے محروم ہیں، اٹک کے جوانوں نے فوج میں شامل ہو کر ملک کی خدمت کی اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے

بقیہ نمبر 10

اراضی پر گندم کی کاشت کی، 7 ہزار 805 کسانوں نے 68 ہزار 185 ایکڑ پر رینٹل سروس کے ذریعے سپر سیڈرز استعمال کیے۔صوبہ بھر کے 93 فیصد کاشتکاروں نے سپر سیڈرز سے کاشت پر گندم کے اگاؤ کو بہترین قرار دیتے ہوئے کہا کہ سپر سیڈرز کے ذریعے گندم کی بوائی کے بہترین نتائج سامنے آئے ہیں، سپر سیڈرز کے ذریعے گندم کی بوائی روایتی طریقہ کار کی نسبت بہترین ہے۔کاشتکاروں نے مزید کہا کہ زمین کی زرخیزی بڑھانے کے لئے سپر سیڈرز کا استعمال عمدہ نتائج کا حامل ہے، آئندہ بھی سپر سیڈرز استعمال کر کے ہی گندم کاشت کریں گے، سپر سیڈرز سے ایک ایکڑ میں گندم کی بوائی صرف ایک گھنٹے میں مکمل ہونے سے وقت اور وسائل بچتے ہیں۔ سپر سیڈرز سے بوائی پر 100 روپے فی ایکڑ مزدوری کی مد میں بچت ہوتی ہے جبکہ بیج کے استعمال میں 50 کلو سے 47 کلو فی ایکڑ کمی آتی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے سپر سیڈرز کے نتائج پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ ایگریکلچر میکانائزیشن صرف آغاز ہے، زراعت میں مزید انقلابی اقدامات کریں گے، سپر سیڈرز سے زراعت میں جدت کا خواب حقیقت بن رہا ہے، لیبر کاسٹ، وقت اور ایندھن کی بچت سے کسانوں کو بڑا ریلیف ملا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمارا مشن کسانوں کی خوشحالی، زراعت میں جدت اور ترقی ہے، پنجاب کو جدید زرعی ٹیکنالوجی کا مرکز بنانا ہمارا عزم ہے، پیداواری لاگت میں کمی اور زیادہ منافع ہماری حکمت عملی کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 11

ہے، حکومت تشویش اور خوف پھیلانے کے بجائے اپنی ذمہ داری پوری کرے۔پشاور میں کامیاب امن جرگے کے بعد کے پی حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی ہے۔اسلم غوری کا کہنا تھا حکومت بتائے کہ سربراہ جے یو آئی کے تحفظ کے لیے کیا اقدامات کیے گئے؟ اگر حکومت اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر سکتی تو ناکامی کا اعلان کرے اور جے یو آئی کارکن اپنی قیادت کی حفاظت خود کرنا جانتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی اور اس کی قیادت کو عوام سے دور رکھنے کی ہر سازش کا مقابلہ کیا جائے گا، جلسے جلوسوں کے بعد اس قسم کے بیانات دے کر عوام کو خوف وہراس میں مبتلا کیا جا رہا ہے۔ جے یو آئی کو عوام سے دور رکھنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ترجمان جے یو آئی کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن سمیت تمام شہریوں کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے، ہماری امن وامان کی بات کو کمزوری نہ سمجھا جائے، حکومت مولانا فضل الرحمٰن سمیت تمام جے یو آئی قیادت کی سیکیورٹی کو یقینی بنائے۔ واضح رہے کہ جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی جان کو خطرہ لاحق ہونے کے پیش نظر ڈی آئی خان پولیس نے تھریٹ لیٹر جاری کیا ہے۔

بقیہ نمبر 12

کنکریٹ سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی ٹرک کے ساتھ ٹکرا کر الٹ گئی۔ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے اس کے اوپر بیٹھے 4 افراد دب کر جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک کو بچا لیا گیا۔ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں 3 سگے بھائیوں سمیت 4 افراد جاں بحق ہوئے، تمام افراد کا تعلق چوک سرور شہید کے نواحی علاقے سے ہے۔

بقیہ نمبر 13

مطابق سعودی ایجنسی شاہ سلمان مرکز کے تحت شام میں داخل ہونے والے 60 ٹرکوں پر مشتمل امدادی قافلہ میں امدادی سامان میں شیلٹر، خوراک، طبی سامان اور دیگر اشیا موجود ہیں۔شاہ سلمان مرکز کے تحت اب تک 174 ٹرک امدادی سامان لے کر شام بھیجے جا چکے ہیں۔شاہ سلمان مرکز شامی پناہ گزینوں اور فروری 2023 کے زلزلہ متاثرین کو بھی امداد فراہم کر رہا ہے

بقیہ نمبر 14

سالہ علی سے زیادتی کی تھی، گزشتہ شام کو ملزم نے دوبارہ بچے سے زیادتی کرنے کی کوشش کی، جس پر بچے نے شور کیا ملزم عبدالرحمان کی فرار ہونے کی کوشش گرفتار کر لیا گیا۔ترجمان نے بتایا کہ ملزم کیخلاف مقدمہ درج جوڈیشل ریمانڈ کے حوالے کر دیا گیا، ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ بچوں کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ نمبر 15

متعلق پیش گوئی انجیل مقدس کے متعلق اپنے پروٹیسٹنٹ نقطہ نظر کے اعتبار سے کی تھی۔نیوٹن نے ریاضی کا استعمال کرتے ہوئے انجیل مقدس میں بیان کی گئی تاریخوں کا حساب لگایا اور بیان کی گئی قیامت کی پیش گوئی کی جو کہ اکیسویں صدی کے وسط میں سامنے آئی۔انہوں نے 800 عیسوی کو کلیسا کو باقاعدہ ترک کرنے کے آغاز کے طور پر قرار دیا اور اس ہی برس مقدس رومی سلطنگ کی بنیاد پڑی۔ بعد میں انہوں نے حساب لگایا کہ دنیا اس بنیاد پڑنے کے 1260 برس بعد تک باقی رہے گی۔

بقیہ نمبر 16

اسرائیل کٹز نے بموں کی آمد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کھیپ ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے جاری کی گئی جو دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط اتحادی تعلقات کا ثبوت ہے۔وزارت دفاع کے مطابق اکتوبر 2023 میں جنگ کے آغاز سے لے کر اب تک 76,000 ٹن سے زائد فوجی ساز و سامان اسرائیل پہنچ چکا ہے، جس میں سے زیادہ تر سامان امریکہ سے آیا ہے

بقیہ نمبر 17

خواتین عمرہ ویزوں پر سعودی عرب جا رہی تھیں، متاثرہ خواتین کو جبری مشقت کی غرض سے سعودی عرب بھجوایا جا رہا تھا۔امیگریشن حکام کا کہنا ہے کہ متاثرہ خواتین اس سے قبل بھی سعودی عرب جا چکی تھیں، ان کو سعودی عرب بھجوانے میں آسیہ نامی خاتون ملوث ہے۔ذرائع نے کہا کہ آسیہ نامی ملزمہ پنجاب پولیس کی سابقہ ملازم ہے، آسیہ نے ہی متاثرہ چاروں خواتین کے سفری اخراجات برداشت کیے۔حکام کا کہنا ہے کہ سعودی عرب میں قیام اور اخراجات کی سہولت کاری وسیم گجر نامی ایجنٹ کر رہا تھا، متاثرہ خواتین سے ایجنٹوں کے حوالے سے معلومات لی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 18

نکالنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق عمران خان نے زین قریشی کے علاوہ دیگر تمام غیر حاضر ارکان کو پارٹی سے نکالنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے پارٹی کی سینئر قیادت کو پیغام بھجوا دیا ہے اور غیر حاضر رہنے والے ارکان کے خلاف کارروائی کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی ہدایت دی ہے، انہوں نے واضح کیا کہ جو لوگ آئینی ترمیم کے دن چھپے رہے ان کے لیے پارٹی میں کوئی جگہ نہیں ہے۔پی ٹی آئی ذرائع نے بتایا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے دن زرقاء سہروردی، سینیٹر فیصل سلیم اور زین قریشی غیر حاضر رہے تھے جبکہ اسلم گھمن، ریاض فتیانہ، زین قریشی، مقدار علی خان اور اورنگزیب کھچی کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے تھے۔اس کے علاوہ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ ظہور قریشی، عثمان علی اور مبارک زیب بھی ترمیم کے دن پارٹی قیادت کے رابطے میں نہیں تھے

بقیہ نمبر 19

بتایا کہ محسن ہینڈرکس ایک دوسرے شخص کے ساتھ گاڑی میں موجود تھے، جب ایک گاڑی ان کے سامنے آکر رک گئی۔دو نامعلوم حملہ آوروں نے گاڑی پر فائرنگ کی، جس میں محسن ہینڈرکس موقع پر ہلاک ہو گئے، جبکہ ان کے ساتھ موجود ڈرائیور محفوظ رہا۔قتل کے پیچھے اصل وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی۔پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ جو بھی اس کیس میں مدد فراہم کر سکتا ہو، وہ فوری طور پر آگے آئے۔محسن ہینڈرکس کا تعلق ایل جی بی ٹی کیو مسلم کمیونٹی سے تھا اور وہ 1996 میں ہم جنس پرست کے طور پر سامنے آئے تھے۔وہ جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن کے قریب الغربہ مسجد میں امامت کرتے تھے، جو ہم جنس پرست مسلمانوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ سمجھی جاتی تھی۔یہ قتل جنوبی افریقہ میں ٹارگٹ کلنگ اور مذہبی آزادی کے حوالے سے نئے سوالات کو جنم دے رہا ہے، جبکہ ایل جی بی ٹی کیو تنظیموں نے محسن ہینڈرکس کے قتل کی مذمت کی ہے اور اس واقعے کو نفرت پر مبنی جرم قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 20

کا شکار ہونے والے معمر شخص کی زندگی بچانے کیلئے جرات مندانہ اور فلاحی اقدامات پر سراہا گیا ہے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق یہ واقعہ شنگھائی سونگ جیانگ ریلوے اسٹیشن پر پیش آیا جہاں یوسف اور جواد نے شنگھائی کے سفر کے دوران دیکھا کہ ایک بزرگ شخص زمین پر بے ہوش پڑا ہوا ہے، فوری ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے وہ فوری طور پر اس کی مدد کے لیے پہنچے، اس شخص کا جائزہ لینے کے بعد انہوں نے اسے غیر فعال پایا، وہ سانس نہیں لے رہا تھا، اس کی نبض بہ ہلکی چل رہی تھی، وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں تھا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق یوسف نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے کارڈیو پلمونری ریسسیٹیشن (سی پی آر) اور منہ سے سانس شروع کر دی جبکہ جواد نے اس شخص کی حالت کی نگرانی کر کے مدد کی۔سی پی آر کے چار چکر لگانے کے بعد، بزرگ شخص کو آہستہ آہستہ ہوش آیا اور اس نے دوبارہ سانس لینا شروع کر دیا، دونوں طالب علم اس کے ساتھ رہے اور اس کے استحکام کو یقینی بنایا جب تک کہ ایمبولینس اسے مزید طبی دیکھ بھال کیلئے ہسپتال لے جانے کے لیے نہیں پہنچی۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق ان کے فوری اور پیشہ ورانہ ردعمل نے انہیں موقع پر موجود عینی شاہدین، پولیس افسران اور طبی عملے کی طرف سے وسیع پیمانے پر سراہا۔بہت سے لوگوں نے ان کی ہمت، تحمل اور طبی مہارت کی تعریف کی، جو اس شخص کی زندگی بچانے میں اہم ثابت ہوئی۔پاکستان کے صوبے کے پی کے سے تعلق رکھنے والے یوسف اور جواد جنوبی چین کی گنان میڈیکل یونیورسٹی سے کلینیکل میڈیسن میں بیچلر کی ڈگری حاصل کر رہے ہیں۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اخلاقیات پر یونیورسٹی کی توجہ نے ہمیشہ ہمیں اچھے کام کرنے کی ترغیب دی ہے۔یہاں ہمارے میڈیکل اسٹڈیز نے ہمیں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے اور نازک حالات میں زندگیاں بچانے کے لئے علم اور مہارت سے لیس کیا ہے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق واقعے کے دوران پہلی بار سی پی آر کرنے والے یوسف نے ایک زندگی بچانے میں کامیاب ہونے پر بے حد فخر اور خوشی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا زندگیاں بچانا ہر ڈاکٹر اور میڈیکل طالب علم کا مقدس فرض ہے، اور میں اسی طرح کسی بھی صورتحال میں بغیر کسی ہچکچاہٹ کے دوبارہ ایسا کروں گا

بقیہ نمبر 21

مطابق گزشتہ ڈھائی ماہ میں چینی اوسط 22 روپے 42 پیسے فی کلو مہنگی ہوئی، 2025 کے آغاز پر ملک میں چینی کی اوسط قیمت 138 روپے 64 پیسے فی کلو تھی ادارہ شمار کے مطابق ڈھائی ماہ قبل ملک میں چینی کی اوسط قیمت 131 روپے 85 پیسے فی کلو تھی البتہ ایک سال قبل 15 فروری 2024 کو چینی کی اوسط قیمت 144 روپے 48 پیسے فی کلو تھی۔سرکاری دستاویز کے مطابق شہباز حکومت نے جون سے اکتوبر 2024 کے دوران 7 لاکھ 50 ہزار ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی تھی، پھر آخری بار اکتوبر 2024 میں 5 لاکھ میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔واضح رہے کہ رواں ہفتے ڈان نیوز نے سرکاری اعداد وشمار کے حوالے سے رپورٹ کیا تھا کہ جولائی 2024 تا جنوری 2025، رواں مالی سال کے 7 ماہ کے دوران افغانستان کو چینی کی برآمد میں حیرت انگیز طور پر ریکارڈ اضافہ دیکھا گیا۔حکومتی ذرائع کے مطابق افغانستان کیلئے پاکستانی برآمدات میں سب سے زیادہ حصہ چینی کا ہی ہے، رواں مالی مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں افغانستان کے لیے چینی کی برآمد 26 کروڑ 27 لاکھ ڈالر رہی ہے، جب کہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران افغانستان کے لیے چینی کی برآمد محض 59 لاکھ ڈالر تھی

بقیہ نمبر 22

حوالے سے اسے کیا کرنا ہے۔یہ ڈیڈ لائن ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب رات بارہ بجے ختم ہوئی۔اس حوالے سے تل ابیب نے ڈیڈ لائن ختم ہونے سے قبل غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے میں نئی شرائط عائد کرتے ہوئے اپنے ردعمل کا اظہار کر دیا ہے۔اسرائیل کی سیاسی سطح کے ذرائع نے غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے کے لیے نئی شرائط عائد کرنے کی بھی سفارش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ معاہدے کی ساتویں اور آٹھویں قسط کو ضم کرنے کے لیے دباؤ ڈالنے کے لیے ایک اسرائیلی معاہدہ موجود ہے

بقیہ نمبر 23

تھا کہ ظالمانہ برطرفی سے دلبرداشتہ ایبٹ آباد کے ایک ڈیلی ویجز ملازم نے خودکشی کر لی۔

بقیہ نمبر 24

حادثات پر قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کو دوسرا خط لکھا ہے۔ترجمان گورنر سندھ کے مطابق کامران ٹیسوری نے خط میں لکھا کہ شہر میں انتظامی غفلت اور قانون سے روگردانی حادثات کی بڑی وجہ ہیں۔کامران ٹیسوری نے خط میں یہ بھی لکھا کہ حال ہی میں ایک ہی دن میں چار شہریوں کی ہلاکت سنگین مسئلہ ہے، سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ ہے کہ صبح 7 سے رات 11 بجے تک بھاری ٹریفک کو شہر میں داخلے کی اجازت نہیں، عدالتی فیصلے کے باوجود اس پر عملدرآمد کی شکایات مسلسل بڑھ رہی ہیں۔گورنر سندھ نے قائم مقام چیف جسٹس کو لکھا کہ امید ہے کہ سندھ ہائیکورٹ اس ضمن میں اپنے احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائے گی۔خیال رہے کہ رواں سال یکم جنوری 2025 سے اب تک کراچی شہر میں مختلف ٹریفک حادثات میں اب تک 108 شہریوں کی اموات رپورٹ ہو چکی ہیں

بقیہ نمبر 25

مصباح الرحمان نے 1665 ووٹ لے کر چوتھی پوزیشن حاصل کی۔سرمد ندیم 1647، میاں پرویز بھنڈارا 1461، سمیرا نذیر 1392، سردار قاسم فاروق علی 1366، خواجہ عمران زبیر 1356، میاں وقار الدین وکی 1331، شوکت جاوید 1322 اور قمر خان بوبی 1247 ووٹ لے کر کامیاب رہے

بقیہ نمبر 26

کرنے، ملازمت سے مفرور اور معاہدے کے برخلاف کرنے پر حراست میں لے کر 94 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور عمان سمیت 11 ملکوں سے گزشتہ 48 گھنٹے کے دوران مزید 173 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا جن میں سے 24 کو کراچی میں گرفتار کیا گیا۔امیگریشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب میں بلیک لسٹ، بھیک مانگنے، منشیات فروشی، غیر قانونی قیام، کفیل کے بغیر کام کرنے، ملازمت سے مفرور اور معاہدے کے برخلاف کرنے پر حراست میں لے کر 94 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔عمان سے 3، تھائی لینڈ سے 1، عراق سے 9، برطانیہ اور قبرص سے 2، موریطانیہ میں انسانی اسمگلنگ کے لیے موجود 5، انڈونیشیا سے 4، اخراجات کیلئے کم رقم لے کر قطر میں پہنچے 2 اور تنزانیہ سے 1 پاکستانی کو بے دخل کیا گیا۔متحدہ عرب امارات میں جیل رہائی دے کر غیر قانونی کام اور دیگر الزامات کے تحت 39 پاکستانیوں کو گزشتہ 48 گھنٹے کے دوران ڈی رپورٹ کر کے کراچی بھیجا گیا، جن میں آئی بی ایم ایس میں ہٹ 7 بلیک لسٹ افراد بھی شامل ہیں

بقیہ نمبر 27

کر لیے۔پولیس کے مطابق ملزمان سے ہزاروں روپے مالیت کی پتنگیں، 11 کیمیکل ڈور کی چرخیاں، 300 گڈی پیپر اور بانس تیلے برآمد کر لیے۔پولیس نے کہا کہ ملزمان کم مقدار میں آن لائن آرڈر لے کر لوکل ٹرانسپورٹ کے ذریعے پتنگ بازی کا سامان پہنچاتے تھے۔حکام کے مطابق ملزمان نے خفیہ گودام بنا رکھا تھا، جہاں پتنگ بازی کا سامان تیار کرتے تھے، جب کہ ملزمان ارشد اور عمر نواز پابندی کے باوجود پتنگیں تیار کر کے لاہور سمیت دیگر اضلاع میں فروخت کرنے میں ملوث تھے۔

بقیہ نمبر 28

کے وفود سے گفتگو کر رہے تھے۔اس موقع پر پنجاب بار کونسل ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین فاروق ڈوگر، سابق وائس چیئرمینز چودھری بابر وحید، کامران بشیر مغل، فرحان شہزاد، سیکرٹری پنجاب بار کونسل رفاقت علی سوہل، اکاؤنٹنٹ آفیسر رانا عمیر دیگر موجود تھے۔عرفان صادق تارڑ نے کہا کہ جن شہروں کی عدالتوں میں ورک لوڈ زیادہ ہے وہاں ججز کی تعداد کم ہے۔وہاں سائلین کے لیے پانی ہے نہ ہی انتظار گاہیں۔انصاف کی بروقت فراہمی کی یقینی ہے نہ ہی زندگی محفوظ، جس کی وجہ سے عوام میں مایوسی بڑھتی جا رہی ہے جس کا سدباب کرنا حکومت کی اولین ترجیحات ہونا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ جن شہروں میں لوڈ زیادہ ہے وہاں ججز کی تعداد بڑھائی جائے۔جہاں سائلین کے لیے سہولیات مہیا نہیں وہاں انتظار گاہیں، واٹر ٹینک مہیا کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 29

مریضوں کی مالی مدد کر رہی ہے۔پناہ نے ابھی تک 712 سے زیدہ مریضوں کی مالی مدد کی ہے اور ان مریضوں کے علاج پر 180 ملین روپے سے زیادہ خرچ کیے ہیں جس کی وجہ سے یہ مریض آج ایک اچھی اور صحت مند زندگی گزار رہے ہیں۔اس وقت بھی 145 مریض مالی امداد کے منتظر ہیں۔ ان ضرورت مند مریضوں کے لیے فنڈ زجمع کرنے کے لیے پناہ 22 فروری 2025 کی شام کو 6:30 بجے بلیو لیگون راولپنڈی میں ایک فنڈ ریزنگ ڈنر کا اہتمام کرنے جا رہی ہے۔ ثنا اللہ گھمن نے تمام پاکستانیوں سے اس نیک مقصد میں حصہ لینے کی درخواست کی اور کہا کہ "آپ کا عطیہ بہت سے مریضوں کی زندگیاں بچا سکتا ہے"۔

بقیہ نمبر 30

دھند فائرنگ کی، لاشوں کی ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔حکام کا کہنا ہے کہ معاملے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا، ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 31

ہیں۔شاہد رند نے کہا کہ بحالی امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

بقیہ نمبر 32

پرلیوی کی مد 60 روپے پہلے سے عائد ٹیکس برقرار رکھا گیا، پیٹرول پر اوایم سی مارجن کی مد میں پہلے سے عائد 7 روپے 87 چارجز برقرار ہیں۔دستاویز کے مطابق پیٹرول پر ڈیلر مارجن کی مد میں عائد 8 روپے 64 پیسے چارجز بھی برقرار ہیں، ہائی اسپیڈ ڈیزل پر ایکسٹرا مارجن اور فریٹ چارجز بھی بڑھا دیئے گئے۔دستاویز کے مطابق ڈیزل پر فریٹ چارجز کی مد میں 27 پیسے کا اضافہ کیا گیا، ڈیزل پر فریٹ چارجز 2 روپے 65 پیسے سے بڑھا کر 2 روپے 92 پیسے فی لٹر مقرر کیا گیا، ڈیزل پر ایکسٹرا مارجن میں بھی 23 پیسے کا اضافہ کر دیا گیا۔یاد رہے کہ گزشتہ روز حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا تھا، پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 4 روپے کمی کی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 33

سلطان چناب برج کیجہ سے جنوبی پنجاب اور پنجاب کے سنگم پر موجود شہر تجارتی لحاظ سمیت ہر لحاظ سے ایک اہم مرکز بنتا جا رہا ہے، شورکوٹ کو ضلع کا درجہ دیا جائے چاہے جھنگ ڈویژن میں شامل کریں یا پھر ڈویژن میں جس مرضی ڈویژن میں شامل کیا جائے شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب کے ویژن کے مطابق ملک میں نظام بدلنے کے ساتھ ساتھ صوبوں کی تعداد بڑھا کر اختیارات نچلی سطح پر منتقل کیے جائے اس سے ملک ترقی کرے گا ہماری اور اہل شورکوٹ کی اکثریت عوام کی حکومت سے اپیل ہے کہ شورکوٹ کو ترقی دی جائے یہ ان کا حق ہے

بقیہ نمبر 34

بھی دیدی گئی۔واضح رہے کہ گزشتہ روز حکومت نے ملک بھر میں یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن (یو ایس سی) کے 2500 سے 2600 ڈیلی ویجز ملازمین کو نکالنے کا فیصلہ کیا تھا۔ذرائع کے مطابق یو ایس سی بورڈ آف ڈائریکٹرز نے پہلے ہی ان ملازمین کو نکالنے کی منظوری دے دی تھی اور اب متعلقہ زونز کو اس پر عملدرآمد کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔یہ اقدام حکومتی 'رائٹ سائزنگ پالیسی' کے تحت کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد اداروں میں غیر مستقل ملازمین کی تعداد کم کرنا ہے۔اس پالیسی کے تحت ملک بھر کے یوٹیلیٹی اسٹورز پر کام کرنے والے پچیس سے چھبیس سو ڈیلی ویجز ملازمین کو برطرف کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 35

کو دبانے اور اختلاف رائے کو کچلنے کے لیے غیر جمہوری ہتھکنڈے اپنا رہی ہے۔اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ زبان بندی کیلئے پیکا جیسے غیر آئینی ایکٹ کے ذریعے اظہار آزادی پر قدغن لگا کر لوگوں کو خوف و دہشت کے سائے تلے زندگی گذارنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، وفاقی حکومت پیکا ایکٹ فوری طور پر واپس لے اور ملک کے تمام سیاسی و جمہوری سیاسی جماعتوں، صحافیوں اور تمام سٹیک ہولڈروں سے مشورے سے قابل قبول قانون سازی کرے۔

بقیہ نمبر 36

وزیراعظم نریندر مودی نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کا بتانا ہے کہ مذہبی تہوار کمبھ میلے کے باعث ریلوے اسٹیشن پر رش (بقیہ نمبر) ہے۔

بقیہ نمبر 37

کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی کی جائے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ موجودہ حکومت نے بھی پیکا ایکٹ میں ترمیم کر کے بڑی غلطی کر دی۔ جماعت اسلامی کے نائب امیر نے کہا کہ پیکا ایکٹ پی ٹی آئی دور میں بھی غلط تھا۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پیکا ایکٹ کے خلاف صحافتی برادری کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 38

سے 13 فروری 2025 کے درمیان ہوئی ہیں جن میں سے 13799 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی 5597 گرفتار شدگان سرحدی قوانین کی خلاف ورزی جبکہ 3270 تارکین لیبر قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث تھے۔انہوں نے کہا کہ مذکورہ عرصے کے دوران 2133 افراد گرفتار ہوئے ہیں جو سرحد عبور کر کے مملکہ میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے 36 فیصد یمنی، 63 فیصد ایتھوپی جبکہ ایک فیصد دیگر ممالک کے تارکین تھے۔کمیٹی نے کہا کہ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 14 افراد گرفتار ہوئے ہیں۔دوسری جانب وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ غیر قانونی تارکین کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم کرنا سنگین جرم ہے جس پر 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال جرمانہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 39

ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دہشتگردی کے واقعات قابل مذمت اور لمحہ فکریہ ہیں، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات میں ملوث دہشتگرد انسان نہیں جانور ہیں، دہشتگردوں کا پاک فوج کے جوان بہادری سے مقابلہ کر رہے ہیں انکی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ عالمی ادارے بالخصوص انسانی حقوق کی تنظیمیں پاکستان میں بڑھتے ہوئے دہشت گردی کے واقعات میں بھارت اور دیگر غیر ملکی طاقتوں کے ملوث ہونے کے فری نوٹس لیں۔دہشتگردی کیخلاف جنگ میں عوام بھی سکیورٹی اداروں سے مکمل تعاون کریں کسی بھی مشکوک شخص کی اطلاع فوری اداروں کو دیں۔

بقیہ نمبر 40

سرکلر میں کہا گیا کہ ملازمین سرکاری دفتر، سرکاری گاڑی، سرکاری وردی کی سوشل میڈیا پر ویڈیوز اور تصاویر بنا کر ذاتی تشہیر سے گریز کریں۔اس میں کہا گیا وزیراعلیٰ سندھ کی ہدایات کے مطابق سرکاری دفتر، سرکاری گاڑی، سرکاری وردی کی سوشل میڈیا پر ویڈیوز اور تصاویر بنا کر ذاتی تشہیر کیلئے استعمال کرنے والے سرکاری ملازمین اور افسرا کے خلاف چیف سیکریٹری اور آئی جی سندھ کو محکمہ جاتی کارروائی کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 41

ہے۔پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہنے جبکہ مری، گلیات، کشمیر، کوئٹہ، زیارت اور پشین میں ہلکی بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔گزشتہ روز ملک میں درجہ حرارت منفی 6، گوپس اور کالام میں منفی 5، استور میں منفی 4 جبکہ اسکردو میں منفی 3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 42

کے ساتھ دنیا کے ان آخری دو ممالک میں ہوتا ہے جہاں پولیو اب بھی موجود ہے۔حکام کے مطابق پاکستان میں وائلڈ پولیو وائرس 1 کا نمایاں اجیا ہو رہا ہے، گزشتہ سال ملک میں اس بیماری کے 73 کیسز سامنے آئے تھے، ان میں سے 27 کا تعلق بلوچستان، 22 کا خیبر پختونخوا، 22 کا سندھ اور ایک ایک کا تعلق پنجاب اور اسلام آباد سے ہے۔دریں اثنا وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرت نے انسداد پولیو اور ایکسپینڈ پروگرام آف امیونائزیشن (ای پی آئی) کی ٹیموں پر زور دیا ہے کہ وہ بچوں کی ان بیماریوں کے خلاف کوششیں تیز کر دیں جن پر حفاظتی ٹیکوں کی مدد سے قابو پایا جا سکتا ہے۔انہوں نے تمام صوبائی ای پی آئیز، پولیو ایمرجنسی آپریشن سینٹرز (ای او سیز)، برادر تنظیموں (گاوی، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، یونیسیف اور گیٹس فاؤنڈیشن وغیرہ)، شعبہ صحت کے ماہرین، سرکاری اداروں اور خاص طور پر فرنٹ لائن ہیلتھ کیئر ورکرز کی خدمات کا اعتراف کیا جو حفاظتی ٹیکوں کے اہداف کے حصول کے لیے کام کر رہے ہیں۔ڈاکٹر مختار احمد بھرت نے کہا کہ یہ ایک مشترکہ ذمہ داری ہے جو ہم سب سے خاص طور پر صوبائی اور ضلعی سطح پر مکمل عزم کا مطالبہ کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 43

بڑا چیلنج ہے جس کے لیے پانی کے تحفظ کی حوصلہ افزائی کرنے، زرعی شعبے میں پانی کے استعمال کی کارکردگی بڑھانے اور پانی پر مبنی فصلوں سے دور رہنے کے لیے خاطر خواہ پالیسی اصلاحات کی ضرورت ہوگی۔پنجاب میں ورلڈ بینک گروپ کی شمولیت سے زرعی پالیسی اور پانی کے انتظام میں اصلاحات کیساتھ ساتھ ماحولیاتی لچک کی حامل زرعی تبدیلی کو فروغ دینے کے لیے مارکیٹوں اور ویلیو چینز تک رسائی میں مدد ملے گی جبکہ بلوچستان اور سندھ میں آپریشنز سے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں انفرا اسٹرکچر کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) ویلیو چینز کی ترقی میں زرعی سرمایہ کاری پر توجہ بڑھائے گی، عالمی بینک اور آئی ایف سی مشترکہ طور پر نیشنل کلائمیٹ فنانس اسٹریٹجی کے مطابق کلائمیٹ فنانس موبلائزیشن کی کوششوں کی حمایت کریں گے اور بین الاقوامی موسمیاتی فنانس اور نجی سرمایے تک رسائی کو آسان بنانے کے آپشنز تلاش کریں گے۔نیا فریم ورک متنوع زرعی شعبے کی مدد کرے گا جو پانی کی قلت، خشک سالی اور بارش کے بدلتے ہوئے طریقوں کے لیے لچکدار ہے۔عالمی بینک کی مداخلت سے غیر موثر، مسخ شدہ اور ناقص اہداف کی حامل زرعی سبسڈیز کو تحقیق، توسیعی خدمات، بنیادی ڈھانچے اور بیجوں کی ترقی جیسی عوامی خدمات پر خرچ کرنے کے لیے دوبارہ استعمال کرنے میں مدد ملے گی، اور آب وہوا کے لچکدار حل، آب وہوا سے متعلق اسمارٹ فارمنگ کے طریقوں اور آبی وسائل کے موثر استعمال کو فروغ ملے گا۔بچت اسکیموں، مالی شمولیت اور نقد رقم کی منتقلی سے خشک سالی اور سیلاب کے اثرات سے غریب ترین افراد کی حفاظت میں مدد ملے گی، عالمی بینک کی ایک مداخلت سے لائیو اسٹاک اور زراعت سمیت اعلیٰ امکانات والی زرعی ویلیو چینز اور پروسیسنگ کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ویلیو چین کی فراہمی کیلئے چھوٹے کسانوں کے اتحاد کی حمایت کرنے کیساتھ ساتھ غریب کسانوں اور خواتین کسانوں کی مالی شمولیت پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔آئی ایف سی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سمیت کلائمیٹ اسمارٹ ایگری فوڈ کمپنیوں اور ایگری لاجسٹکس میں سرمایہ کاری کرے گی، ملٹی انویسٹمنٹ گارنٹی ایجنسی خوراک اور غذائی تحفظ کے ساتھ نجی سرمایہ کاری کے رابطے کی حمایت کے لیے ورلڈ بینک گروپ کے گارنٹی پلیٹ فارم سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گی۔ڈیجیٹلائزیشن سے زرعی ٹیکنالوجی کے حل کو ممکن بنانے میں مدد ملے گی اور اس کی انڈیکیٹر کے تحت مداخلت، بہتر غذائیت اور متنوع غذا پر فریم ورک کے پہلے نتائج اور نجی سرمایہ کاری اور خواتین سمیت ملازمتوں پر چھوٹے نتائج میں معاون ثابت ہوگی۔دستاویز میں کہا گیا کہ زراعت میں دہائیوں کی سرمایہ کاری اس شعبے کو تبدیل کرنے میں ناکام رہی ہے کیونکہ گندم کی خریداری اور قیمتوں کے تعین جیسی پالیسیوں میں بڑی خرابیاں پائی جاتی ہیں، غیر موثر سبسڈیز سمیت عوامی وسائل کو غیر منصفانہ طور پر تقسیم کیا جاتا ہے، جس میں وسیع پیمانے پر اثر انداز ہونے والی عوامی خدمات جیسا کہ زرعی تحقیق اور توسیع پر کم توجہ دی جاتی ہے۔

بقیہ نمبر 44

کوشش جاری ہے، عوامی مسائل کے حل اور عوام کی خوشحالی اولین ترجیح ہے۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پنجاب حکومت نوجوانوں کیلئے ٹریننگ انسٹیٹیوٹ قائم کرے۔

بقیہ نمبر 45

پولیس کے مطابق واردات کے بعد ملزمان فرار ہو گئے، واقعہ رات کو پیش آیا۔صوابی پولیس کے مطابق مولانا کاشف علی مرکزی مسلم لیگ کے مقامی رہنما تھے، واقعے کی تحقیقات کر رہے ہیں۔پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی جلد گرفتاری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اور معاملے کے مختلف پہلوؤں سے تفتیش کی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 46

عقیدت پیش کیا۔اپوزیشن لیڈر نے آپریشن کے دوران دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں کی بہادری کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی سلامتی کے لیے ہماری افواج نے بے مثال قربانیاں دی ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو اپنے شہداء کی قربانیوں پر فخر ہے۔عمر ایوب نے کہا کہ جام شہادت نوش کرنے والے بہادر سپوتوں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ نمبر 47

شہید لیویز اہلکار علی نواز کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمی ہونے والے 2 لیویز اہلکاروں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاء کی۔محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہونے والے لیویز اہلکار علی نواز کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لیویز اہلکار علی نواز نے فرض کی ادائیگی کے دوران جان قربان کر کے شہادت کا اعلیٰ مرتبہ پایا۔انہوں نے کہا کہ شہید لیویز اہلکار علی نواز نے اپنی قیمتی جان وطن کے امن کے لئے قربان کی۔

بقیہ نمبر 48

نکال دیا گیا۔یوٹیلیٹی اسٹورز کے ڈیلی ویجز ملازمین کو ملازمت سے فارغ کرنے کا لیٹر جاری کر دیا جس میں کہا گیا ہوئے کہ آپ کو اپنی ملازمت سے فوری برخاست کیا جا رہا ہے، خط میں ڈیلی ویجز ملازمین کو متعلقہ اکاؤنٹ آفیسر سے حساب کلیئر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔اُدھر لاہور سے یوٹیلیٹی اسٹورز کے 150 ڈیلی ویجز ملازمین کو نوکری سے نکال دیا گیا۔ذرائع کے مطابق یوٹیلیٹی اسٹورز کے ڈیلی ویجز ملازمین کی تعداد 3000 سے زائد ہے اور تمام ڈیلی ویجز ملازمین کو فارغ کرنا کا فیصلہ ہوا ہے۔ذرائع نے بتایا کہ اگلے مرحلے میں تمام کنٹریکٹ ملازمین کو فارغ کرنے کا منصوبہ ہے۔

بقیہ نمبر 49

فروری کی رات 9 بجے ٹھہرے سے آخری بار بات ہوئی تھی۔دونوں نے ہفتے کی صبح اٹھ مقام کے گیسٹ ہاؤس سے چیک آؤٹ کر کے نیلم ویلی جانا تھا، جاں بحق طحہ مکینیکل انجینئر تھا جبکہ دعا زہرہ بی اے کی طالبہ تھی۔اہلخانہ کے مطابق ہمیں بتایا گیا ہے کہ گیسٹ ہاؤس کے کمرے میں دم گھٹنے سے دونوں جاں بحق ہوئے، جاں بحق میاں بیوی کی میتیں آج کراچی منتقل کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 50

جو ٹیکسز لگ رہے ہیں اس پر ہمیں تشویش ہے، اگلے ہفتے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے اس حوالے سے ملاقات اور قومی اسمبلی میں بھی کاشتکاروں کے مسائل کو اجاگر کروں گا انہوں نے کہا کہ ہمارا صوبہ وار زون میں شامل ہے، ہماری انڈسٹری تباہ وبرباد ہو چکی ہے، ہماری معیشت بھی بری طرح بیٹھ گئی اور روزگار کے مواقع نہایت محدود ہو گئے ہیں، چھوٹے زمینداروں کا بہت مشکل سے گزارا ہوتا ہے، ٹیکسز لگنے چاہئیں، لیکن سب سے پہلے بڑے بڑے لینڈ لارڈز اور جاگیرداروں پر لگائیں۔رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ اگر چھوٹے زمیندار کو ٹیکس نیٹ میں لیا گیا تو اس کے بہت بُرے اثرات ہوں گے، امید ہے صوبائی حکومت اس فیصلے پر نظرثانی کرے گی

بقیہ نمبر 51

کو ہراساں کر رہے ہیں پروفیسر طالبہ کے گھر اپنی بیوی کے ہمراہ رشتہ بھی مانگنے گیا تھا جہاں پر دونوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔لیویز ذرائع کے مطابق مبینہ ملزم پروفیسر کا تعلق پشاور طالبہ ملاکنڈ کی رہائشی ہے۔میڈیا سیل یونیورسٹی آف ملاکنڈ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ یونیورسٹی آف ملاکنڈ کے ایک ملازم سے متعلق سوشل میڈیا پر ایک خبر گردش کر رہی ہے، اس حوالے سے یونیورسٹی انتظامیہ نے فوری اور سخت اقدامات کیے ہیں۔ ملزم کا طالبہ کے گھر جا کر اس سے شادی رچانے کی کوشش کی، ملزم کو سر دست معطل کر دیا گیا۔اس کے بعد اینٹی ہراسمنٹ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں شکایت کنندہ کو personal hearing کا موقع دیا گیا، اب کمیٹی اپنی سفارشات کو حتمی شکل دے رہی ہے، جنہیں تادیبی کارروائی کے لیے سینڈیکیٹ کو بھیجا جائے گا۔اس میں کہا گیا کہ یونیورسٹی آف ملاکنڈ غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے اور تمام دستیاب شواہد کی روشنی میں کیس کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔یونیورسٹی ہمیشہ سے محفوظ اور مساوی تعلیمی ماحول کی فراہمی کو اولین ترجیح دیتی رہی ہے اور اس مقصد کے لیے نامزد افسران تعینات کیے گئے ہیں، جو طلبہ کو بروقت مدد فراہم کرتے ہیں۔یونیورسٹی انتظامیہ نے ہراسمنٹ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی ہے اور ایک محفوظ، منصفانہ، اور شفاف تعلیمی ماحول کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 52

مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ علماء قوم کی رہنمائی کیلئے خانقاہوں اور حجروں سے باہر نکلیں، ملک میں اسلام کا نام لینا جرم بنا دیا گیا ہے، عدالتوں میں انگریزی نظام کے تحت فیصلے ہو رہے ہیں، مغربی طاقتوں کو خوش کرنے کیلئے حکمران دینی مدارس کے کردار کو ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ دینی مدارس ہمارے اسلاف کی نشانیاں اور معاشرے کی روح ہیں یہ ادارے نہ صرف دینی تعلیم کے مراکز ہیں بلکہ اخلاقی اقدار اور معاشرتی ہم آہنگی کی تربیت گاہ بھی ہیں ان کے بغیر ہماری نوجوان نسل کو دینی علوم سے آراستہ کرنا ممکن نہیں مدارس کے تحفظ کا مطلب ہماری دینی اور تہذیبی روایات کا تحفظ ہے۔

بقیہ نمبر 53

اچھال دیتے ہیں۔فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ شیر افضل مروت پارٹی میں انتشار پھیلا رہے ہیں، پارٹی کے روکنے پر بھی شیر افضل مروت باز نہیں آتے، شیر افضل مروت جس کی چاہتے ہیں ٹوپی اچھال دیتے ہیں۔فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ شیر افضل مروت کو ڈی سیٹ کرنے کا عمل پارلیمانی پارٹی کرے گی۔پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فردوس شمیم نقوی نے فواد چوہدری کی جانب سے شعیب شاہین کو تھپڑ مارنے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ فواد چوہدری نے اڈیالہ جیل کے باہر غیر اخلاقی حرکت کی۔فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ شعیب شاہین کے ساتھ جو ہوا وہ قابل مذمت ہے۔

بقیہ نمبر 54

کر آپس میں ٹکرا گئیں۔ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے جب کہ 7 افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں علاج کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 55

نے اس واقعے کا نوٹس لے کر ایس پی اقبال ٹاؤن کو گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن انویسٹی گیشن سدرہ خان کی سربراہی میں ملزم کی گرفتاری کیلئے ٹیم تشکیل دی گئی تھی۔انچارج انویسٹی گیشن تھانہ سانده حسن زاہد نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔انچارج انویسٹی گیشن نے بتایا کہ ملزم نے ذاتی رنجش کی بنا پر اپنی سابقہ بیوی میمونہ بصری کو تیز دھار کٹر سے وار کر کے شدید زخمی کر دیا تھا، مرکزی ملزم شبیر حسین اس واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گیا تاہم ملزم کو جدید ٹیکنالوجی سمیت ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے گرفتار کیا گیا ہے۔تمام قانونی تقاضوں کو پورا کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی طرف سے پولیس ٹیم کے لیے تعریفی اسناد کا اعلان کیا۔

بقیہ نمبر 56

کے حساب سے بوگس کیسز بنائے گئے ہیں جن میں ہم روز عدالتوں کے چکر لگا رہے ہیں، ہم ان بوگس کیسز سے گھبرانیوالے نہیں ہیں، ہم ڈٹ کر تمام تر فسطائیت کا مقابلہ کر رہے ہیں، انشاءاللہ ہم ان بوگس کیسز میں سرخرو ہوں گے۔مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ جعلی حکومت کی جانب سے کسانوں کا مسلسل استحصال کیا جا رہا ہے، سبسڈی ختم کی گئی، زرعی ٹیکس لگایا، ڈیزل، بجلی اور یوریا کی قیمتیں بڑھائی، ہماری ٹیکسٹائل صنعت اپنی استعداد سے نصف پر چل رہی، ہر شعبہ زوال پذیر ہے اور ترقی صرف اشتہارات تک محدود ہے، تحریک انصاف کے دور حکومت میں کورونا اور عالمی مہنگائی کے باوجود، غربت کی شرح میں پانچ فیصد کمی آئی تھی، رجیم چینج کے بعد سے 13 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں، ملک کے لئے پی ڈی ایم کو تجربہ پی ڈی ایم ون کے تجربے سے زیادہ مہلک ثابت ہو رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی اور مقبول جماعت ہے، نوے فیصد عوام تحریک انصاف کے ساتھ کھڑی ہے، جب ملک کی سب سے بڑی جماعت سے مفاہمت نہیں کی جائے گی، انہیں دیوار سے لگایا جائے گا، ملک ترقی نہیں کر سکے گا۔

بقیہ نمبر 57

سالی ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے سروس اسٹیشنز اور گھروں میں گاڑیاں دھونے پر ایک ماہ کی پابندی عائد کر دی۔ایم ڈی واسا سلیم اشرف نے بتایا کہ شہری گھروں کے فرش گاڑیاں دھونے اور باغیچوں کو پانی دینے سے اجتناب کریں، خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ایم ڈی واسا کے مطابق بارشیں نہ ہونے سے خشک سالی خطرناک حد تک بڑھ گئی جبکہ خانپور ڈیم کی بھل صفائی کے باعث بھی پانی کی سپلائی میں مزید کمی واقع ہوئی ہے۔راولپنڈی شہر میں پانی کی یومیہ طلب 70 ملین گیلن ہے شہر کو یومیہ 51 ملین گیلن پانی فراہم کیا جا رہا تھا، بارشیں نہ ہونے سے پانی کی یومیہ فراہمی مزید 5 ملین گیلن کم ہو گئی ہے۔

بقیہ نمبر 58

لبنان کے ساتھ تعمیری مذاکرات کے لیے تیار ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا کہ ایرانی وزیر خارجہ اور ان کے لبنانی ہم منصب نے دونوں ملکوں کے درمیان سول پروازوں کے مسئلے کو حل کرنے کے طریقوں کے بارے میں فون پر بات کی۔انہوں نے نیک نیتی کے ساتھ تعمیری بات چیت کے لیے اپنی تیاری کی تصدیق کی

بقیہ نمبر 59

میں سے 50 ہزار سولر سسٹم آ چکے ہیں اور باقی جلد آنے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کی ہدایت پر مزید 5 لاکھ سولر سسٹم اسی سال غریبوں کو دیں گے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں 15 ہزار ٹن کچرا اکٹھا کر رہے ہیں جس سے 50 میگاواٹ بجلی بنانے کا منصوبہ ہے۔

بقیہ نمبر 60

حال ہی میں آئی ایس پی آر انٹرن شپ 2025 کے تحت شرکاء نے لاہور گیریژن شوٹنگ گیلری کا شاندار دورہ کیا، طلباء کا شوٹنگ گیلری میں پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔بیان کے مطابق طلباء نے مختلف رینجز پر مختلف ہتھیار چلانا سیکھے اور فائرنگ سے محظوظ ہوئے، شرکاء تیر اندازی اور اسکیٹ شوٹنگ سے بھی خوب لطف اندوز ہوئے۔شرکاء نے یہ نادر تجربہ حاصل کرنے کی سہولت پر پاک فوج سے اظہار تشکر و مسرت کیا۔ترجمان پاک فوج کے مطابق اس حوالے سے طلباء کا کہنا تھا کہ یہ میری یہاں پہلی آمد ہے اور مجھے یہ جگہ بہت پسند آئی، میں نے پہلی بار ہتھیار چلایا اور یہ تجربہ شاندار رہا۔طالبہ نے کہا کہ آئی ایس پی آر انٹرن شپ کے تحت ہمیں لاہور گیریژن شوٹنگ گیلری لایا گیا جہاں میں نے گن فائر کیے، یہاں آکر زبردست تجربہ ہوا، نئی چیزیں دیکھنے اور سیکھنے کا موقع ملا، ہم نے بہت کچھ دریافت کیا اور زبردست تجربہ حاصل کیا، ہم آئی ایس پی آر کا دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمیں یہ شاندار موقع فراہم کیا۔

بقیہ نمبر 61

تلاش شروع کر دی۔تفصیل کے مطابق سرگودھا کے علاقہ ہجویری ٹاؤن کے اطہر کی بیٹی (ن) کو عبداللہ وغیرہ، ساہیانوالہ کے علاقہ 142 ر۔ب کے طارق محمودی کی بیٹی (م) کو نامعلوم، چک جھمرہ کے علاقہ کے لقمان کی والدہ گھر سے بازار گئی واپس نہ آئی، تھانہ کر کے علاقہ 597 گ۔ب کے اللہ دتہ کی اہلیہ (ن) کو مظہر وغیرہ، ماموں کانجن کے علاقہ طارق کالونی کے عبدالغفور کی بیٹی (م) کو وسیم وغیرہ نے اغوا کر لیا، چک جھمرہ کے علاقہ 186 ر۔ب کے رہائشی اسلم کا بیٹا فیصل ندیم، ترکھانی کے علاقہ 218 گ۔ب کے وسیم کے بیٹے اور سول لائن کے علاقہ اسلام نگر کے ضیاءاللہ کا بیٹا عثمان گھر سے سودا سلف لینے گیا واپس نہ آیا پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ نمبر 62

ہوئے کامیاب ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کسی کو بھی ریاست کو چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔بلاول بھٹو زرداری کا مزید کہنا تھا کہ ہر پاکستانی کی طرح میں بھی اپنے ملک کی بہتری چاہتا ہوں، ہم آئی ٹی اور ڈیجیٹل دور کیلئے تیار نہیں ہیں، ہم اپنے بچوں اور نوجوانوں کو اس دور کیلئے تیار نہیں کر

بقیہ نمبر 63

ملزمہ کوثر بی بی نے اپنے دیگر تین ساتھیوں سمیت منظم گروہ بنایا ہوا ہے جو شادیوں کی آڑ میں بھاری رقم وصول کر کے رفو چکر ہو جاتے ہیں۔متاثرہ دولہا کے مطابق کوثر بی بی طلائی زیورات، چوڑیاں، بالیاں لے کر فرار ہوئی، 14 لاکھ روپے بٹوری چوری کا مقدمہ دلہن سمیت اس کے تین ساتھیوں کے خلاف درج کر لیا گیا۔ملزمان میں کوثر بی بی، محمد حسین، محمد رمضان، علی محمد شامل ہیں۔ پولیس نے دو ملزمان محمد حسین اور محمد رمضان کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ نمبر 64

بات چیت کیلئے دو وفد افغانستان جائیں گے، پہلا وفد مذاکرات کیلئے ماحول سازگار بنائے گا اور سفارتی امور نمٹائے گا جبکہ دوسرا وفد کئی اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ہوگا۔مشیر اطلاعات کے پی بیرسٹر سیف کو رابطہ کاری کیلئے فوکل پرسن نامزد کیا گیا ہے، خیبرپختونخوا حکومت مذاکرات کیلئے وفاقی حکومت سے رابطے میں رہے گی۔ٹی او آرز کے مطابق وفد بھیجنے کا مقصد کراس بارڈر ٹرائبل ڈپلومیسی مضبوط کرنے کے علاوہ اقتصادی اور معاشرتی تعلقات کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ نمبر 65

سیکرٹری اطلاعات، ترجمان، دو وفاقی وزارتوں اور سینیٹر پاکستانیز مذہبی امور کے فوکل پرسن اور مشیر ہیں، طارق حسن پرویز مشرف کے دور میں نائب ناظم کراچی، دو دفعہ وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر رہے، انتخاب خان چکنی ممتاز قانون دان، کے پی کی سیاست میں اہم مقام رکھتے ہیں، ڈاکٹر رحیم اعوان ممتاز قانون دان لا اینڈ جسٹس کمیشن کے سیکرٹری، جسٹس اتھارٹی کے ڈی جی رہے، پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی ملک میں سیاسی اور سماجی حلقوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ کے لئے کام کرے گی، کمیٹی معاشی اور سیاسی استحکام کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرے گی، پولیٹیکل کمیٹی ملک میں نیشنل ڈائیلاگ کیلئے دیگر سیاسی جماعتوں سے روابط قائم کرے گی، کمیٹی حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کو بھی نیشنل ایشوز پر اکٹھا چلنے پر آمادہ کرے گی، کمیٹی بلوچستان میں احساس محرومی کے خاتمے کیلئے تجاویز بھی مرتب کرے گی، پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی ملک میں پبلک سیکٹر کی بہتری کیلئے بھی کردار ادا کرے گی

آئندہ 3 دہائیوں میں غیر زرعی طلب کو پورا کرنے کے لیے آبپاشی کے 10 فیصد پانی کو دوبارہ استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی

موسمیاتی تبدیلی: پاکستان میں پانی کے غیر زرعی استعمال میں اضافہ متوقع، عالمی بینک

سالانہ 4.9 فیصد کی بلند شرح نمو، 2047 تک درجہ حرارت میں 3 ڈگری سینٹی گریڈ اضافے کیساتھ پانی طلب میں 60 فیصد اضافے کا امکان

کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک برائے 35-2026 دستاویز کے مطابق غذائی تحفظ پر سمجھوتہ کیے بغیر اتنی بڑی مقدار کو تک کرنا بڑا چیلنج ہے

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے کہا ہے موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان میں غیر زرعی مقاصد کے لیے پانی کے استعمال میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عالمی بینک کی تازہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں سالانہ 4.9 فیصد کی بلند شرح نمو اور 2047 تک درجہ حرارت میں 3 ڈگری سینٹی گریڈ اضافے کے ساتھ پانی کی طلب میں 60 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ درجہ حرارت کا بڑھنا پانی کے 15 فیصد اضافی استعمال کی وجہ بنے گا جبکہ آئندہ 3 دہائیوں میں غیر زرعی طلب کو پورا کرنے کے لیے آبپاشی کے 10 فیصد پانی کو دوبارہ استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی۔ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک برائے 35-2026 دستاویز کے مطابق غذائی تحفظ پر سمجھوتہ کیے بغیر اتنی بڑی مقدار کو تک کرنا ایک (بقیہ نمبر 43)

کیچ، سبی، بارکھان، کوئٹہ، گوادر، بنوں، ڈیرہ اور جنوبی وزیرستان لوئر سے حاصل کردہ سیوریج نمونوں میں وائلڈ پولیو وائرس 1 کی تصدیق

محنت رائیگاں، فنڈنگ ضائع، KP و بلوچستان کے 8 اضلاع میں پولیو کی تصدیق

سیوریج کے مثبت نمونے علاقے میں پولیو وائرس کی موجودگی کی نشاندہی کرتے ہیں، جس سے بچوں کے اس بیماری میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہوتا ہے

پاکستان میں وائلڈ پولیو وائرس 1 کا نمایاں احیا ہو رہا ہے، گزشتہ سال ملک میں اس بیماری کے 73 کیسز سامنے آئے تھے، حکام کی رپورٹ

پشاور / کوئٹہ (این این آئی) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ میں پولیو کے خاتمے کیلئے ریجنل ریفرنس لیبارٹری نے 8 اضلاع سے جمع کیے گئے ماحولیاتی نمونوں میں وائلڈ پولیو وائرس ٹائپ 1 (ڈبلیو پی وی 1) کی نشاندہی کی تصدیق کی ہے۔ لیبارٹری کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ کیچ، سبی، بارکھان، کوئٹہ، گوادر، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور جنوبی وزیرستان لوئر سے حاصل کردہ سیوریج کے نمونوں میں وائلڈ پولیو وائرس 1 کی تصدیق ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے، 21 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں وائلڈ پولیو وائرس 1 کی تصدیق ہوئی تھی، سیوریج کے مثبت نمونے علاقے میں پولیو وائرس کی موجودگی کی نشاندہی کرتے ہیں، جس سے بچوں کے اس بیماری میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ پاکستان کا شمار افغانستان (بقیہ نمبر 42)

سمارٹ واسا پراجیکٹ کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس میں ضلعی افسران شریک ہیں

پشاور میں دیرینہ دشمنی پر فائرنگ، 5 افراد جاں بحق

فائرنگ کی وجہ ذاتی دشمنی ہے، واقعہ رات گئے پیش آیا' پشاور پولیس رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کر دیا گیا۔ خیبر پختونخوا پولیس نے بتایا کہ فائرنگ پشاور کے علاقے علاقہ بڈھ بیر میں کی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کی وجہ ذاتی دشمنی ہے، فائرنگ کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ واقعہ رات گئے پیش آیا، مخالفین نے گاڑی پر اندھا (بقیہ نمبر 30)

قلات' مسلح افراد کی لیویز چوکی پر فائرنگ، اہلکار شہید

بہادر جوانوں کی جوابی کارروائی سے حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہو گئے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلات میں لیویز چوکی پر حملے میں ایک اہلکار شہید اور دو زخمی ہو گئے۔ ترجمان بلوچستان حکومت کے مطابق لیویز فورس کے بہادر جوانوں نے فوری جوابی کارروائی کی جس سے حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہو گئے۔ ترجمان شاہد رند کے مطابق زخمی اہلکاروں کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، شہید لیویز اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے (بقیہ نمبر 31)

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طاہومی سائیڈ یونٹ کے افسران کیساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

یوٹیلٹی سٹورز یونین کا 17 فروری کو ملک گیر احتجاج کا اعلان

وفاقی دارالحکومت میں دھرنے کا امکان ہے، مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا

حکومت نے ملک بھر میں یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے 2500 سے 2600 ڈیلی ویجز ملازمین کو نکالنے کا فیصلہ کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفی کے خلاف یوٹیلیٹی اسٹورز یونین نے 17 فروری کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد ہیڈ آفس بلو ایریا کے سامنے دن 2 بجے احتجاج ہوگا جبکہ ملک بھر کے پریس کلبز کے سامنے بھی مظاہرے کیے جائیں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں دھرنے کا امکان ہے، مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا۔ یونین عہدیداران کا کہنا ہے کہ برطرفی کا فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو آئندہ کا لائحہ عمل دیا جائے گا۔ احتجاج شدت اختیار کر سکتا ہے اور ملک بھر میں اسٹورز بند کرنیکی وارننگ (بقیہ نمبر 34)

شورکوٹ ضلع بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے' مہر وسیم سیال

صوبوں کی تعداد بڑھا کر اختیارات نچلی سطح پر منتقل کیے جائے

شورکوٹ (مظفر علی نمائندہ خصوصی جھنگ) گزشتہ کئی ماہ سے شورکوٹ ضلع بناؤ مہم تیزی سے چل رہی ہے اس حوالے سے مہر وسیم حیدر سیال صدر منہاج یوتھ لیگ ضلع جھنگ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ شورکوٹ ضلع بنانا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے، شورکوٹ کیساتھ موٹروے یا ہو (بقیہ نمبر 33)

حکومت نے عوام کو پیٹرولیم قیمتوں میں مکمل ریلیف سے محروم کر دیا

تیل کمپنیوں کے ٹرانسپورٹ چارجز، مارجن میں ردوبدل سے شہری پیٹرول اور ڈیزل پر ریلیف سے محروم ہو گئے

پیٹرول کی قیمتوں کے لحاظ سے دنیا کے سستے ترین ممالک میں پاکستان کا نمبر کون سا ہے؟

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے عوام کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مکمل ریلیف سے محروم کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق حکومت نے تیل کمپنیوں کے ٹرانسپورٹ چارجز اور مارجن میں ردوبدل کر دیا جس کی وجہ سے شہری پیٹرول پر ایک روپے 42 پیسے اور ڈیزل پر 50 پیسے کے ریلیف سے محروم ہو گئے۔ دستاویز کے مطابق پیٹرول پر فریٹ چارجز میں 1 روپے 42 کا اضافہ کر دیا گیا، پیٹرول پر فریٹ چارجز بڑھا کر 5 روپے 79 پیسے فی لٹر کر دیئے گئے، پیٹرول پر فریٹ چارجز یکم فروری کو 4 روپے 37 پیسے مقرر تھے۔ اس کے مطابق پیٹرول (بقیہ نمبر 32)

سپریم کورٹ کے جسٹس ہاشم کاکڑ کو ہائی کورٹ بار کے صدر عطاء اللہ لانگو روایتی پگڑی پہنا رہے ہیں

پیکا ایکٹ جمہوری عمل کے خلاف کالا قانون ہے' محمد حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ پیکا ایکٹ جمہوری عمل کیخلاف کالا قانون ہے، پیکا ایکٹ بنیادی انسانی حقوق، آزادی صحافت کے منافی قانون ہے جسے کسی صورت تسلیم نہیں کیا جا سکتا، بدقسمتی سے حکومت حقائق (بقیہ نمبر 35)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرول، ڈیزل اور گیس (بقیہ نمبر 37)

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر حلقہ 97 کے سیاسی دفتر میں اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کے واقعات قابل مذمت، لمحہ فکریہ ہیں' قاری اعظم حسین

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین (بقیہ نمبر 39)

ایک لڑکی جیلانی پارک میں ہارس اینڈ کیٹل شو کی تقریب میں شہری کے کتے کو پیار کر رہی ہے

نئی دہلی' ریلوے اسٹیشن پر بھگدڑ سے 15 افراد ہلاک

بھارتی میڈیا کے مطابق ہلاک ہونیوالوں میں 10 خواتین اور 3 بچے شامل ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دلی کے ریلوے اسٹیشن پر بھگدڑ سے 15 افراد ہلاک ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں 10 خواتین اور 3 بچے شامل ہیں۔ ریلوے اسٹیشن کے ایک پلیٹ فارم پر دوسرے پلیٹ فارم کے مسافروں کے آنے سے بھگدڑ مچی۔ ریلوے حکام نے واقعے کی انکوائری کا حکم دیدیا جبکہ بھارتی (بقیہ نمبر 36)

سعودی عرب میں' 22 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار

غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 14 افراد گرفتار ہوئے، کمیٹی کا بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی کارروائی کرتے ہوئے ایک ہفتے میں 22 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ گرفتاریاں 6 فروری (بقیہ نمبر 38)

وزیراعلیٰ سندھ کا ویڈیوز، تصاویر بنا کر ذاتی تشہیر کرنے والے ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے ویڈیوز اور تصاویر بنا کر ذاتی تشہیر کرنے والے سرکاری ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم دیدیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت سندھ کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 40)

مختلف شہروں میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان

مری، گلیات، کشمیر، کوئٹہ، زیارت اور پشین میں ہلکی بارش اور برفباری کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں بارش اور برفباری کی خوشخبری سنا دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ہے جبکہ خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا تاہم چترال، دیر، سوات اور کوہستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش ہو سکتی (بقیہ نمبر 41)

1 یا 2 سال میں بلاول بھٹو وزیراعظم بن جائینگے، گورنر پنجاب

پی پی سے بہتر کوئی جماعت نہیں، دوسری جماعتوں کی لیڈر شپ میں وزرا سمیت اراکین اسمبلی سے ہاتھ ملاتے وقت فرعونیت کی جھلک نظر آتی ہے

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں قوم پاک فوج کیساتھ ہے' پاک فوج اور دیگر سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہیں

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم شپ بلاول بھٹو کے قریب ہے، سال دو سال میں بلاول بھٹو وزیراعظم بن جائیں گے۔ پنڈی گھیپ میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سردار سلیم حیدر خان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی سے بہتر کوئی جماعت نہیں، دوسری جماعتوں کی لیڈر شپ میں وزرا سمیت اراکین اسمبلی سے ہاتھ ملاتے وقت فرعونیت کی جھلک نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں عوام کے حقوق اور ایشوز کی بات ہوگی، عوام کے ساتھ کھڑا ہوں اور کھڑا رہوں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم پاک فوج کیساتھ کھڑی ہے، پاک فوج اور دیگر سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہیں، پیپلز پارٹی اور پاکستانی عوام انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے، کل، (بقیہ نمبر 9)

پنجاب حکومت کا مشن سپر سیڈرز سے زراعت میں جدت لانا ہے، مریم نواز

پنجاب میں سپر سیڈرز کے استعمال سے ایک ہزار کاشتکاروں نے چند ماہ میں 57 کروڑ 95 لاکھ روپے کما لیے' وزیراعلیٰ پنجاب

پنجاب کے 31 اضلاع میں 7 ہزار 805 کاشتکاروں نے سپر سیڈرز کے ذریعے ایک لاکھ 10 ہزار 14 ایکڑ اراضی پر گندم کی کاشت کی

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ سپر سیڈرز سے زراعت میں جدت کا خواب حقیقت بن رہا ہے۔ پنجاب میں سپر سیڈرز کے استعمال سے ایک ہزار کاشتکاروں نے چند ماہ میں 57 کروڑ 95 لاکھ روپے کما لیے، صوبہ بھر میں گندم کی کاشت میں سپر سیڈرز کے ذریعے 330 ٹن بیج کی بچت ہوئی، سپر سیڈرز کے استعمال سے روایتی طریقہ کار کے مقابلے میں 18 لاکھ 70 ہزار لٹر ڈیزل کا کم استعمال ہوا۔ سپر سیڈرز سے کاشت پر ڈیزل کے استعمال میں 48 کروڑ 62 لاکھ روپے کی بچت ہوئی، کاشتکار کو سپر سیڈرز سے گندم کی بوائی پر فی ایکڑ 3 ہزار 666 روپے کی بچت ہوئی، پنجاب کے 31 اضلاع میں 7 ہزار 805 کاشتکاروں نے سپر سیڈرز کے ذریعے ایک لاکھ 10 ہزار 14 ایکڑ (بقیہ نمبر 10)

10 سالہ بچے سے جنسی زیادتی کا مرتکب ملزم گرفتار

ملزم نے زیادتی کی، گزشتہ شام دوبارہ مذموم کوشش کی جس پر بچے نے شور مچا دیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں 10 سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کا مرتکب ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق فیصل ٹاؤن پولیس نے 15 کال پر کارروائی کرتے کوٹھا پنڈ سے ملزم کو حراست میں لیا۔ لاہور پولیس کے ترجمان کے مطابق ملزم نے چند روز قبل 10 (بقیہ نمبر 14)

سعودی عرب کا 60 ٹرکوں پر مشتمل امدادی قافلہ شام میں داخل

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کا 60 ٹرکوں پر مشتمل ایک اور امدادی قافلہ اردن کی نصیب کراسنگ سے شام میں داخل ہو گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (بقیہ نمبر 13)

پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس ملک انس محمود و دیگر سائیکل ریلی کا افتتاح کر رہے ہیں

لیہ کوٹ ادو روڈ پر حادثہ، 3 سگے بھائیوں سمیت 4 افراد جاں بحق

لیہ (این این آئی) لیہ کوٹ ادو روڈ پر ٹریفک حادثے میں 3 سگے بھائیوں سمیت 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کوٹ ادو روڈ پر عزیز فارم کے قریب (بقیہ نمبر 12)

مولانا کو تھریٹ' اسلم غوری KP حکومت پر پھٹ پڑے

حکومت تشویش اور خوف پھیلانے کے بجائے ذمہ داری پوری کرے، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) مولانا فضل الرحمن کو سیکیورٹی تھریٹ سے متعلق خط پر ترجمان جے یو آئی نے خیبر پختونخوا حکومت کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کے مطابق کے پی حکومت کا مولانا فضل الرحمن کی سیکیورٹی تھریٹ سے متعلق خط تشویشناک (بقیہ نمبر 11)

دنیا 2060 میں ختم ہو جائیگی، نیوٹن کے خط میں سنسنی خیز انکشاف

1704 میں لکھے گئے خط میں نیوٹن نے ریاضی کی متعدد کیلکولیشنز کی مدد سے یہ اشارئیے بتائے، رپورٹ

مذہبی سمجھ رکھنے والے سر آئزک نیوٹن نے دنیا کے ختم ہونے کے متعلق پیش گوئی انجیل مقدس کے اعتبار سے کی

نیویارک (این ای آئی) مشہور ریاضی دان اور طبعیات دان سر آئزک نیوٹن کے 300 برس سے زائد عرصہ قبل لکھے گئے خط میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دنیا کا اختتام کب ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 1704 میں لکھے گئے خط میں نیوٹن نے ریاضی کی متعدد کیلکولیشنز کی مدد سے یہ بتانے کی کوشش ہے کہ یہ دنیا 2060 میں ختم ہو جائیگی۔ مذہبی سمجھ رکھنے والے سر آئزک نیوٹن نے دنیا کے ختم ہونے کے (بقیہ نمبر 15)

شہری جیلانی پارک میں منعقدہ پھولوں کی نمائش دیکھ رہے ہیں

امریکا سے 2 ہزار ٹن وزنی بموں کی کھیپ اسرائیل پہنچ گئی

بموں کو درجنوں ٹرکوں پر لوڈ کر کے اسرائیلی ایئر بیسز کی طرف روانہ کر دیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا سے 2 ہزار ٹن وزنی بموں کی کھیپ اسرائیل پہنچ گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزارت دفاع کے مطابق گزشتہ رات کو پہنچنے والے جہاز سے 2,000 پاؤنڈ وزنی بموں کی بڑی مقدار اشدود پورٹ پر اتاری گئی۔ بموں کو درجنوں ٹرکوں پر لوڈ کر کے اسرائیلی ایئر بیسز کی طرف روانہ کر دیا گیا ہے۔ دفاعی وزیر (بقیہ نمبر 16)

4 خواتین کی سعودی عرب اسمگلنگ کی کوشش ناکام

شازیہ بانو، ظمیرا، لبنیٰ اور ثناء شامل' بظاہر خواتین عمرہ ویزوں پر جا رہی تھیں

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئر پورٹ پر بڑی کارروائی کر کے 4 خواتین کی سعودی عرب اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ پہلی کارروائی میں عمرے کی آڑ میں خواتین کی سعودیہ اسمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنایا گیا، 4 خواتین شازیہ بانو، ظمیرا عظیم، لبنیٰ اور ثناء شہزادی عمرے کی مسافر تھیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق بظاہر متاثرہ (بقیہ نمبر 17)

عمران خان کا 26 ویں آئینی ترمیم کے دن غیر حاضر ارکان کو پارٹی سے نکالنے کا فیصلہ

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی نے 26 ویں آئینی ترمیم کے موقع پر غیر حاضر رہنے والے ارکان اسمبلی کو پارٹی سے (بقیہ نمبر 18)

سعودیہ اور امارات سمیت 11 ملکوں سے مزید 173 پاکستانی ڈی پورٹ، 24 کراچی میں گرفتار

کراچی (این این آئی) سعودی عرب میں بلیک لسٹ، بھیک مانگنے، منشیات فروشی، غیر قانونی قیام، کفیل کے بغیر کام (بقیہ نمبر 26)

لاہور جمخانہ انتخابات، سلمان صدیق و مصباح الرحمان پینل کامیاب

12 میں سے دس نشستیں جیت لیں، مدمقابل ڈاکٹر علی رزاق گروپ صرف دو نشستیں جیت سکا

جمخانہ انتخابات 2025 میں ڈاکٹر علی رزاق 1923 ووٹ لیکر پہلے جبکہ سلمان صدیق 1788 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے

لاہور (این این آئی) لاہور جمخانہ کلب کے الیکشن میں سلمان صدیق و میاں مصباح الرحمان پینل نے میدان مار لیا، 12 میں سے دس نشستیں جیت لیں، مدمقابل ڈاکٹر علی رزاق گروپ صرف دو نشستیں جیت سکا۔ لاہور جمخانہ انتخابات 2025 میں ڈاکٹر علی رزاق 1923 ووٹ لے کر پہلے جبکہ سلمان صدیق 1788 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے، واجد عزیز خان 1751 ووٹ لے کر تیسری جبکہ میاں (بقیہ نمبر 25)

سابق چیف ثاقب نثار و دیگر محمد طاہر اقبال خان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

جنوبی افریقہ' متنازع ہم جنس پرست امام مسجد کا لرزہ خیز قتل

واضح رہے کہ محسن ہینڈرکس کا تعلق ایل جی بی ٹی کیو کمیونٹی سے تھا

کیپ ٹاؤن (این این آئی) جنوبی افریقہ میں دنیا کے پہلے ہم جنس پرست امام سمجھے جانے والے محسن ہینڈرکس کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ حملہ آوروں نے انہیں جنوبی شہر گیبرہ کے قریب نشانہ بنایا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پولیس نے (بقیہ نمبر 19)

معمر چینی شہری کی زندگی بچانے پر دو پاکستانی طالب علموں کو خراج تحسین

شنگھائی (این این آئی) چین کی گنان میڈیکل یونیورسٹی کے دو پاکستانی طالب علموں یوسف خان اور محمد رفیع اللہ جواد کو شنگھائی ریلوے اسٹیشن پر اچانک طبی ایمرجنسی (بقیہ نمبر 20)

چینی کی قیمتیں بے قابو، 160 روپے کلو تک جا پہنچیں

2025 کے ڈیڑھ ماہ میں چینی اوسط 15 روپے 63 پیسے فی کلو مہنگی ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں چینی کی مسلسل بڑھتی قیمتوں کو رمضان سے قبل بریک نہ لگ سکا، زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 160 روپے تک جا پہنچی۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ملک میں چینی کی اوسط قیمت 154 روپے 27 پیسے فی کلو ہوگئی، 2025 کے ڈیڑھ ماہ میں چینی اوسط 15 روپے 63 پیسے فی کلو مہنگی ہوگئی۔ سرکاری دستاویز کے (بقیہ نمبر 21)

لاہور، آن لائن پتنگیں بیچنے والے گودام پر چھاپہ، ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں تھانہ اکبری گیٹ کی پولیس نے پتنگیں تیار کرنیوالے گودام پر چھاپہ مار کر آن لائن پتنگ بازی کا سامان فروخت کرنیوالے ملزمان گرفتار (بقیہ نمبر 27)

بروقت انصاف' ججز تعداد پوری کی جائے' پنجاب بار کونسل

عوام میں مایوسی بڑھتی جا رہی جس کا سدباب کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ سائلین کو انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے عدالتوں میں ججز کی تعداد پوری کی جائے، عوام میں مایوسی بڑھتی جا رہی ہے جس کا سدباب کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ وہ وکلاء (بقیہ نمبر 28)

ٹرمپ کی ڈیڈ لائن ختم، غزہ معاہدہ، اسرائیل نئی شرائط عائد کر سکتا ہے

اسرائیل نے فیصلہ کرنا تھا کہ تمام قیدیوں کی رہائی کے لیے دی گئی ڈیڈ لائن کے حوالے سے اسے کیا کرنا ہے

اسرائیل کی سیاسی سطح کے ذرائع نے غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے کے لیے نئی شرائط عائد کرنے کی بھی سفارش کی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے حماس کے لیے دی گئی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد اور ان کی جانب سے گیند اسرائیل کے کورٹ میں پھینکے جانے کے بعد اسرائیل نے فیصلہ کرنا تھا کہ تمام قیدیوں کی رہائی کے لیے دی گئی ڈیڈ لائن کے (بقیہ نمبر 22)

پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس ملک اینڈ انس محمود لبرٹی گول چکر مین بلیوارڈ پر سائیکل ریلی میں شریک ہیں

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

آپ کا مالی تعاون بہت سے مریضوں کی زندگی بچا سکتا ہے' ثناء اللہ گھمن

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن گزشتہ 40 سالوں سے معاشرے کی بہتری کے لیے کام کر رہی ہے' ثناء اللہ گھمن

فنڈز جمع کرنے کیلئے پناہ 22 فروری کی شام 6:30 بجے بلیولیگون پنڈی میں فنڈ رائزنگ ڈنر کا اہتمام کرنے جا رہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) PANAH کا ضرورت مند دل کے مریضوں کے لیے فنڈ ریزنگ کی تقریب کا اہتمام۔ پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن گزشتہ 40 سالوں سے معاشرے کی بہتری کے لیے کام کر رہی ہے اور دل کے مریض ضرورت مند (بقیہ نمبر 29)

پنجاب یونیورسٹی ایس پی ایس ایس ورکشاپ میں شرکاء کا گروپ فوٹو

پنجاب یونیورسٹی کی ٹیم 14 ویں کل پاکستان ایچ ای سی انٹرورسٹی ویمن جوڈو چیمپئن شپ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے کے بعد گروپ فوٹو